روایت کی گئی ہین صحاح ستہ وغیرہ مین اور تائید کرتا ہی اس مضمونکو قول نووی کا
وَهٰذَا الْحَدِيثُ أَصْلٌ مِنْ أُصُولِ الْإِسْلَامِ وَقَاعِدَةٌ عَظِيمَةٌ مِنْ قَوَاعِدِ الْفِقْهِ
وَهِيَ أَنَّ الْأَشْيَاءَ يُحْكَمُ بِبَقَائِهَا عَلَى أُصُولِهَا حَتَّى يُتَيَقَّنَ خِلَافُ ذٰلِكَ
انتہی پس جبکہ ہوا اصل وقات نماز پنجگانہ کا ثابت ساتھہ دلیلون قطعیہ کے تو نہ چھوڑا
جاویگا اصل وقتون کو جبتک کہ یقین ہو اوسکی خلاف کا اور مؤید ہے مذہب ہمارا عقل
واحتیاط کی باینطور کہ اگر پڑہی کوئی شخص نمازونکو اونکی وقات مین تو ہوگا یہہ شخص
ادا کرنیوالا نمازونکا بالاجماع اور اگر جمع کری کوئی شخص دو نمازونکو ایک وقت مین تو

ہین کہ نہین شک کسیکو ان متون مین اور امر تیسرا یہہ کہ یہہ حدیث صحیح ہی پس جب تک
کہ حدیث جمع کرنی دو نمازونکی انکے وقتین مثل اسکی نہو تب تک ان امرون مین تو نہ چہوڑا
جاویگا عمل کرنا اسپر کیونکہ جب متعارض ہوتی ہین دو حدیثین تو عمل کیا جاتا ہی
بہت قوی حدیث پر پس جب کہ نہ پائی گئی صحاح ستہ وغیرہ مین کوئی حدیث مثل اس
حدیث صحیح کی اور حال آنکہ یہہ حدیث مؤید ہی قران شریف سی اور اور حدیثون سی
کہ جو اوپر مذکور ہوئین تو واجب ہوا عمل کرنا اسحدیث صحیح پر اور وجہ تیسری یہہ ہے
کہ ادنی درجہ اس باب کی حدیثونکا یہہ ہی کہ واقع ہوگا تعارض ان حدیثون مین اور
اون حدیثون مین اور قاعدہ مقرر یہہ ہو چکا ہی اصول مین کہ جب متعارض ہون دو
دلیلین تو ساقط ہو جاتی ہین اور جبکہ ساقط ہوئین دونو طرف کی حدیثین تو باقی
رہا ہماری لئی قرآن شریف کہ وہ قول اللہ تعالی کا ہی اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی
الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا اور قول اللہ تعالی کا حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ
وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی اور باقی رہین ہماری واسطی حدیثین اوقات نماز کے کہ
روایت کی گئی ہین صحاح ستہ وغیرہ مین اور تائید کرتا ہی اس مضمونکو قول نووی کا
وَهٰذَا الْحَدِیْثُ اَصْلٌ مِّنْ اُصُوْلِ الْاِسْلَامِ وَقَاعِدَةٌ عَظِیْمَةٌ مِّنْ قَوَاعِدِ الْفِقْهِ
وَهِيَ اَنَّ الْاَشْیَاءَ یُحْکَمُ بِبَقَائِهَا عَلٰی اُصُوْلِهَا حَتّٰی یُتَیَقَّنَ خِلَافُ ذٰلِكَ
انتہی پس جبکہ ہوا اصل اوقات نماز پنجگانہ کا ثابت ساتہہ دلیلون قطعیہ کے تو نہ چہوڑا
جاویگا اصل وقتون کو جبتک کہ نہ یقین ہو اوسکی خلاف کا اور مؤید ہی مذہب ہمارا تہہ عقل
واحتیاط کی بایطور کہ اگر پڑہی کوئی شخص نمازونکو اونکی اوقات مین تو ہوگا یہہ شخص
اداکرنیوالا نمازونکا بالاجماع اور اگر جمع کری کوئی شخص دو نمازونکو ایکوقت مین تو

اگر یہہ جمع جائز عند اللہ تو ہوگا یہہ شخص ادا کرنیوالا نماز کا اور اگر ہو یہہ جمع غیر جائز تو وہ ہوگا وہ تاخیر کرنیوالا نماز کا اوسکی وقت سی قصدا اور جو شخص تاخیر کری نماز کو اوسکی وقت سی قصداً تو اوسکا حکم شرع شریف مین مذکور ہی مسئلہ

چھٹا بیچ بیان رفع یدین کی

شبہ کرتی ہین بعضی لوگ بایطور کہ روایت ہی عبد اللہ بن عمر سی رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوۃَ رَفَعَ یَدَیْہِ حَتّٰی یُحَاذِیَ مَنْکِبَیْہِ وَقَبْلَ اَنْ یَّرْکَعَ وَاِذَا رَفَعَ مِنَ الرُّکُوْعِ وَلَایَرْفَعُھُمَا بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ روایت کیا اسکو مسلم وغیرہ نی اور روایت ہے وائل بن حجر سی کہ اَنَّہٗ رَاَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَفَعَ یَدَیْہِ حِیْنَ دَخَلَ فِی الصَّلٰوۃِ کَبَّرَ ثُمَّ الْتَحَفَ بِثَوْبِہٖ ثُمَّ وَضَعَ یَدَہُ الْیُمْنٰی عَلَی الْیُسْرٰی فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ یَّرْکَعَ اَخْرَجَ یَدَیْہِ مِنَ الثَّوْبِ ثُمَّ رَفَعَھُمَا وَکَبَّرَ فَرَکَعَ فَلَمَّا قَالَ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ رَفَعَ یَدَیْہِ فَلَمَّا سَجَدَ سَجَدَ بَیْنَ کَفَّیْہِ روایت کیا اسکو مسلم وغیرہ نے اور روایت ہی مالک بن حویرث سیے کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا کَبَّرَ رَفَعَ یَدَیْہِ حَتّٰی یُحَاذِیَ بِھِمَا اُذُنَیْہِ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَہٗ مِنَ الرُّکُوْعِ فَقَالَ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِکَ نقل کیا اسکو بخاری و مسلم نی یہہ حدیثین صحیحہ صریح دلالت کرتی ہین رفع یدین پر وقت تکبیر تحریمہ اور رکوع کرنیکے اور اوٹھنی کی رکوع سیے اور یہی مذہب ہی بعضی اہل علم کا صحابہ اور تابعین مین سی جیسا کہ کہا ترمذی نے جامع ترمذی مین اور یہی مذہب ہی امام شافعی اور احمد بن حنبل اور اسحق وغیرہم کا اور ہم نہین جانتی کہ حنفیون نی کونسی حدیث سی معلوم کیا ہی کہ رفع یدین کبھی سوا‌ے

تکبیر تحریمہ کے نماز مین تو جواب اس شبہ کا یہ ہی کہ کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نی کہ وہ

شیخ بخاری اور مسلم کا ہی کتاب اپنی مین کہ نام اوسکا مصنف ہی حَدَّثَنَا وَکِیْعٌ

عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلیٰ عَنِ الْحَکَمِ وَ عِیْسیٰ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلیٰ عَنِ الْبَرَاءِ

ابْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوۃَ رَفَعَ یَدَیْہِ

ثُمَّ لَا یَرْفَعُہُمَا حَتّٰی یَفْرُغَ اور روایت کیا اسکو دارقطنی اور ابو داود اور طحاوی وغیرہم نے

یہ حدیث صحیح ہی اسلئی کہ راوی اسکی راوی حدیث صحیح کی ہین کیونکہ حکم

اور عبد الرحمن بن ابی لیلی ترمذی کی سند صحیح مین ہین کہا ترمذی نی حَدَّثَنَا

اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسیٰ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَکِ قَالَ اَخْبَرَنَا

عَنِ الْحَکَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلیٰ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ کَانَتْ صَلٰوۃُ

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الحدیث پہر کہا ترمذی نی حدیث البراء

حدیث حسن صحیح انتہی اور ابن ابی لیلی ہی ترمذی کی صحیح سندین ہی کہ کہا ترمذی

نی حدثنا ہناد قال اخبرنا ہشیم عن ابن ابی لیلی عن عطا عن ابن عباس

قَالَ یَرْفَعُ الْحَدِیْثَ اَنَّہٗ کَانَ یُمْسِکُ عَنِ التَّلْبِیَۃِ فِی الْعُمْرَۃِ اِذَا اسْتَلَمَ

الْحَجَرَ اور کہا ترمذی نی ہٰذَا الْحَدِیْثُ حَسَنٌ صَحِیْحٌ انتہی اور وکیع

ثقہ ہی کہا تبع تابعین سی اور حافظ اور عابد اور استاد امام شافعی کا اور

روایت کرتی ہین اوس سی سب صحاح ستہ والی اور یہہ حدیث عبد الرحمن ابن

ابی لیلی سی سوای اس سند کی اور سندون سی بہی ابو داود اور طحاوی

وغیرہما نی روایت کی ہی غرضکہ یہہ حدیث حسن ہی بسبب کثرت

طرق کے اور صحیح ہے بسبب صحت سند کے اور کہا ترمذی نے

تکبیر تحریمہ کے نماز مین تو جواب اس شبہ کا یہہ ہی کہ کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نی کہ وہ
شیخ بخاری اور مسلم کا ہی کتاب اپنی مین کہ نام اوسکا مصنف ہی حَدَّثَنَا وَکِیعٌ
عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنِ الْحَکَمِ وَ عِیْسٰی عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنِ الْبَرَاءِ
ابْنِ عَازِبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوۃَ رَفَعَ یَدَیْہِ
ثُمَّ لَا یَرْفَعُہُمَا حَتّٰی یَفْرُغَ اور روایت کیا اسکو دارقطنی اور ابو داود اور طحاوی وغیرہم
نے یہہ حدیث صحیح ہی اسلئی کہ راوی اسکی راوی حدیث صحیح کی ہین کیونکہ حکم
اور عبد الرحمن بن ابی لیلی ترمذی کی سند صحیح مین ہین کہا ترمذی نی حَدَّثَنَا
اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوْسٰی قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَکِ قَالَ اَخْبَرَنَا ...
عن الحکم عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ کَانَتْ صَلٰوۃُ
رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الحدیث پہر کہا ترمذی نی حدیث البراء
حدیث حسن صحیح انتہی اور ابن ابی لیلی بہی ترمذی کی صحیح سند مین ہی کہ کہا ترمذی
نی حدثنا هناد قال اخبرنا هشيم عن ابن ابی لیلی عن عطاء عن ابن عباس
قَالَ یَرْفَعُ الْحَدِیْثَ اَنَّہٗ کَانَ یُمْسِکُ عَنِ التَّلْبِیَۃِ فِی الْعُمْرَۃِ اِذَا اسْتَلَمَ
الْحَجَرَ اور کہا ترمذی نی هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ انتہی اور وکیع
ثقہ ہی کبار تبع تابعین سی اور حافظ اور عابد اور استاد امام شافعی کا اور
روایت کرتی ہین اوس سی سب صحاح ستہ والی اور یہہ حدیث عبد الرحمن ابن
ابی لیلی سی سوای اس سند کی اور سندون سی بہی ابو داؤد اور طحاوی
وغیرہما نی روایت کی ہی غرضکہ یہہ حدیث حسن ہی بسبب کثرت
طرق کے اور صحیح ہے بسبب صحت سند کے اور کہا ترمذی نے

حَدَّثَنَا هَنَّادٌ قَالَ اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ
عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ
اَلَا اُصَلِّي بِكُمْ صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى فَلَمْ يَرْفَعْ
يَدَيْهِ اِلَّا فِي اَوَّلِ مَرَّةٍ اور روایت کیا اسکو طحاوی اور ابو داؤد اور ابو بکر بن
ابی شیبہ وغیرہم نے اور یہہ حدیث صحیح ہے اسلیے کہ راوی اس حدیث کے راوی
حدیث صحیح کے ہین کیونکہ ہناد سند صحیح ترمذی مین ہین چنانچہ اوپر مذکور ہوئی اور حال
وکیع کا بھی گذر چکا ہے اور سفیان ثوری ثقہ اور حافظ اور عابد اور امام اور
حجت اور فقیہ اور مجتہد اور کبار تبع تابعین سے ہے اور عاصم بن کلیب سند
صحیح ترمذی کے ہین ہے کہا ترمذی نے حدثنا ابو کریب قال اخبرنا عبد اللہ
بن ادریس عن عاصم بن کلیب عن ابیہ عن وائل بن حجر قال قدمت
المدینۃ الحدیث اور کہا ترمذی نے ہذا حدیث حسن صحیح انتہی اور کہا
ابو داؤد نے کہ تہا عاصم بڑی عبادت کرنیوالون سے اور تہا افضل اہل کوفہ
کا اور کہا بخاری وغیرہ نے کہ عاصم تابعی ہے اسی طرح کہا شیخ ابن ہمام نے
فتح القدیر مین اور عبد الرحمن بن اسود ثقہ ہے اور تابعی اور روایت
کرتے ہین اوس سے سب اصحاب صحاح ستہ وغیرہم اور علقمہ بہی ثقہ ہے
اور فقیہ اور عابد اور کبار تابعین سے روایت کرتے ہین اوس سے صحاح ستہ والے
اور عبد اللہ بن مسعود کبار صحابہ سابقین اولین سے ہین مجتہد و فقیہ اور اونکی مناقب
بہت حدیث مین مذکور ہین اور کہا نسائی نے اخبرنا سوید بن نصر قال حدثنا
عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

بن الاسود عن علقمة عن عبد الله ابن مسعود قال لا اخبركم
بصلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم فقام فرفع يديه اول
مرة ثم لم يعد پس یہ حدیث بھی صحیح ہی اور راوی اسکی سبکے سب ثقہ ہین جیساکہ
گذرا بیان اسکا اوپر سوای عاصم بن کلیب کی اور وہ ثقہ ہی جیساکہ تقریب مین مذکور
ہی اور سوای عبد اللہ بن المبارک کی سو وہ ثقہ اور امام اور فقیہ اور مجتہد ہے
اور روایت کرتی ہین اون سی صحاح ستہ وغیرہ کے لوگ اور کہا ابو بکر بن ابی
شیبہ نے کہ وہ شیخ بخاری ومسلم کا ہی کتاب بیچ مین کہ نام اوسکا مصنف ہے
حدثنا حماد عن ابراهيم عن علقمة عن عبد الله بن مسعود قال
صليت خلف النبي صلى الله عليه وسلم وابي بكر وعمر فلم يرفعوا
ايديهم الا عند افتتاح الصلوة پس اس حدیث کے اسناد صحیح سندون کے
ہی عنقریب آتی ہی کا بیان اسکا اور کہا ابو حنیفہ نی حدثنا حماد عن ابراهيم
عن علقمة والاسود عن عبد الله بن مسعود ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
كان لا يرفع يديه الا عند افتتاح الصلوة ثم لا يعود لشيء من ذلك
پس اسناد اس حدیث کی صحیح سندون کی ہے پس یہ حدیثین دلالت کرتی ہین
اسپر کہ نہی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم رفع یدین کرنیوالے سوائے تکبیر تحریمہ
کی پس حدیث رفع یدین کی دو باتسے خالی نہین یا تو محمول ہین اوپر سنت ہونے
رفع یدین کے یا مستحب ہونے اوسکے اگر ہو قسم پہلے یعنے محمول ہون سنت ہونی پر تو
واقع ہوگا تعارض درمیان حدیثون رفع یدین اور عدم رفع یدین کے پس ضرور ہوا
عمل کرنا ساتھ حدیثون صحیح کے پس کہتی ہین ہم کہ حدیثین عدم رفع یدین کی صحیح ہین

حدیثون رفع یدین کی سی اور بیان اسکا یہہ ہی کہ حدیث اصح الاسانید وہ حدیث ہے
کہ کہا ہو بعضے ائمہ نے کہ یہہ اسناد اصح الاسانید ہے اور وہ اسناد کہ کہا ہو گیے ائمہ
ائمہ حدیث سی کہ وہ اصح الاسانید ہی وہ تین اسناد ہیں ایک ان مین سی اسناد
زہری کی سالم سی اور سالم روایت کرین عبد اللہ بن عمر سے کہا امام احمد بن حنبل نے
کہ یہہ اسناد اصح الاسانید ہی اور دوسرا اسناد محمد بن سیرین کی کہ وہ روایت کرین
عبیدہ بن عمرو سلمانی سی وہ روایت کرین علی بن ابی طالب سی کہا علی بن مدینی نے
کہ یہہ اسناد اصح الاسانید ہی اور تیسرا اسناد ابراہیم کی علقمہ سی کہ وہ روایت کرین
عبد اللہ بن مسعود سے کہا یحیی بن معین نی کہ یہہ اسناد اصح الاسانید ہی اسطرح ہی بیچ شرح
نخبۃ الفکر کی اور نہین ہی کوئی حدیث باب رفع الیدین اور عدم رفع الیدین مین
اسنا محمد بن سیرین کیسی پس باقی رہین اصح الاسانید مین سی دو اسناد اسباب کی حدیثون کے
مین پس کہتی ہین ہم کہ ان دونون اسنادون مین سی کہ اصح الاسانید ہین اسناد ابراہیم
اصح ہی اسناد زہری کی سی اور بیان اسکا یہہ ہی اِجْتَمَعَ اَبُوْحَنِیْفَۃَ وَالْاَوْزَاعِیُّ
بِمَکَّۃَ فَقَالَ الْاَوْزَاعِیُّ لِاَبِیْ حَنِیْفَۃَ مَا بَالُکُمْ لَا تَرْفَعُوْنَ اَیْدِیَکُمْ فِی الصَّلٰوۃِ
عِنْدَ الرُّکُوْعِ وَعِنْدَ الرَّفْعِ مِنْہُ فَقَالَ اَبُوْحَنِیْفَۃَ اَنَّہٗ لَمْ یَصِحَّ عَنْ رَسُوْلِ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِکَ شَیْئٌ فَقَالَ کَیْفَ لَمْ یَصِحَّ وَقَدْ حَدَّثَنِی
الزُّہْرِیُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ کَانَ
یَرْفَعُ یَدَیْہِ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوۃَ وَعِنْدَ الرُّکُوْعِ فَقَالَ لَہٗ اَبُوْحَنِیْفَۃَ حَدَّثَنَا
حَمَّادٌ عَنْ اِبْرَاہِیْمَ عَنْ عَلْقَمَۃَ وَالْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ
رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ لَا یَرْفَعُ یَدَیْہِ اِلَّا عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلٰوۃِ

ثُمَّ لَا یَعُوْدُ بِشَیْئٍ مِنْ ذٰلِکَ فَقَالَ الْاَوْزَاعِیُّ اُحَدِّثُکَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ حَدَّثَنِیْ حَمَّادٌ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ فَقَالَ لَهٗ اَبُوْحَنِیْفَةَ کَانَ حَمَّادٌ اَفْقَهَ مِنَ الزُّهْرِیِّ وَکَانَ اِبْرَاهِیْمُ اَفْقَهَ مِنْ سَالِمٍ وَعَلْقَمَهُ لَیْسَ بِدُوْنِ ابْنِ عُمَرَ فِی الْفِقْهِ وَاِنْ کَانَتْ لِابْنِ عُمَرَ صُحْبَةٌ وَلِلْاَسْوَدِ فَضْلٌ کَثِیْرٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ لَهٗ فَضْلٌ کَثِیْرٌ فِی الْفِقْهِ وَحَقِّ الصُّحْبَةِ مِنْ صِغَرِهٖ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَسَکَتَ الْاَوْزَاعِیُّ انتہی یہہ سند مین ہے

اور فتح القدیر مین اور مقرر ہوا ہی قاعدہ اصول حدیث و فقہ مین کہ جبکہ معارض ہوں دو حدیثین تو ہوگا عمل ساتھہ اوس حدیث کی کہ ہو سند اوسکی صحیح دوسری حدیث کی سند سے پس واجب ہوا عمل کرنا عدم رفع یدین کی حدیثون پر پس یہہ ایک وجہ ہی ترجیح کی باب عدم رفع مین اور دوسری وجہ یہہ ہی کہ فرض کیا ہمنی کہ قوت صحت حدیثون رفع یدین کی برابر ہی حدیثون عدم رفع یدین کی پس اس صورت مین تعارض واقع ہوگا بغیر ترجیح کی پس جبکہ تعارض واقع ہوا تو ساقط ہوئین دونو طرف کی حدیثین اور نہ رہی کوئی حدیث کہ دلیل پکڑی جاوی ساتھہ اوسکی رفع یدین اور عدم رفع یدین پر پس باقی رہی گی نماز اپنی اصل پر کہ وہ سکون ہی بالاجماع جیسا کہا ابن ہمام نی فتح القدیر مین بَلْ هُوَ مِنْ جِنْسِ السُّکُوْنِ الَّذِیْ هُوَ طَرِیْقُ مَا اُجْمِعَ عَلَیْهِ فِی الصَّلٰوةِ انتہی اور یہہ بات ظاہر ہی انکی نزدیک کہ اگر نہ آتی حدیث رفع یدین کی تو نہ اوٹھائی جاتی ہاتھہ جیسا کہ نہین آئی ہی کوئی حدیث مثلاً ہاتھہ رکھنی کی سر پر نماز مین تو نہین جائز ہی ہاتھہ رکھنا سنت جان کر یا مستحب جان کر سر پر اور ایسے

ف یعنی بجا ہے عدم رفع یعنی سکون ہے کہ وہ طریق مجمع علیہ ہے نماز میں ۱۲

اصل پر دلالت کرتی ہی حدیث اسکنوا فی الصلوٰۃ کی اور قول اللہ تعالےٰ کا
قوموا للہ قانتین اور ہی تائید کرتی ہی عدم رفع یدین پر حدیث عبد اللہ بن عباس نے
کہ کہا اونہون نی قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُرْفَعُ الْاَیْدِیْ فِی
شَیْءٍ اِلَّا فِی سَبْعِ مَوَاطِنَ فِی اِفْتِتَاحِ الصَّلٰوۃِ وَفِی الْعِیْدَیْنِ وَعِنْدَ
اِسْتِلَامِ الْحَجَرِ وَعَلَی الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ وَعِنْدَ عَرَفَاتٍ وَعِنْدَ جَمْعٍ وَعِنْدَ
رَمْیِ الْجِمَارِ، روایت کیا اسکو بیہقی نی پس اگر رفع یدین نماز مین سنت ہوتا تو مذکور
ہوتا اس حدیث مین پس رفع یدین کرنا سنت جانکر مخالف اس حدیث کے ہی
ہوا اور اگر ہو قسم دوسرے یعنے محمول ہون حدیثین رفع یدین کی استحباب پر تو
جواب اسکا کتنی وجہون سی ہی وجہ اول یہہ ہی کہ کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے
کہ شیخ ہی بخاری و مسلم وغیرہما کا اپنی کتاب مصنف مین اخبرنا قتیبۃ بن سعید
عن الاعمش عن المسیب بن رافع عن تمیم بن طرفۃ عن
جابر بن سمرۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ونحن رافعوا ایدینا فی الصلوۃ فقال ما بال رافعی ایدیہم
فی الصلوۃ کانہا اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوۃ اور
روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نی اپنی سنن مین اور کہا مسلم نے
بیچ باب الامر بالسکون والنہی عن الاشارۃ بالید
ووضعہا عند السلام واتمام الصفوف الاول و
التراص فیہا پھر کہا مسلم نی اپنی صحیح مسلم مین حَدَّثَنَا اَبُوْبَکْرِ بْنُ
اَبِیْ شَیْبَۃَ وَاَبُوْکُرَیْبٍ قَالَا اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ عَنِ الْاَعْمَشِ

اصل پر دلالت کرتی ہی حدیث اسکنوا فی الصلوۃ کی اور قول اللہ تعالے کا
قوموا للہ قانتین اور ہی تائید کرتی ہی عدم رفع یدین پر حدیث عبد اللہ بن عباس کے
کہ کہا اونہون نے قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تُرْفَعُ الْاَیْدِیْ فِیْ
سَبْعٍ اِلَّا فِیْ سَبْعِ مَوَاطِنَ فِیْ اِفْتِتَاحِ الصَّلٰوۃِ وَفِیْ الْعِیْدَیْنِ وَعِنْدَ
اِسْتِلَامِ الْحَجَرِ وَعَلَی الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ وَعِنْدَ عَرَفَاتٍ وَعِنْدَ جَمْعٍ وَعِنْدَ
رَمْیِ الْجِمَادِ روایت کیا اسکو بیہقی نے پس اگر رفع یدین نماز مین سنت ہوتا تو مذکور
ہوتا اس حدیث مین پس رفع یدین کرنا سنت جانکر مخالف اس حدیث کے ہی
ہوا اور اگر ہو تسلیم دوسرے یعنے محمول ہون حدیثین رفع یدین کی استحباب پر تو
جواب وسکا کتنی وجہون سی ہی وجہ اول یہہ ہی کہ کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے
کہ شیخ ہی بخاری و مسلم وغیرہما کا اپنی کتاب مصنف مین اخبرنا قتیبۃ بن سعید
عن الاعمش عن المسیب بن رافع عن تمیم بن طرفۃ عن
جابر بن سمرۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ونحن رافعوا ایدینا فی الصلوۃ فقال ما بال رافعی ایدیہم
فی الصلوۃ کانہا اذناب خیل شمس اسکنوا فی الصلوۃ اور
روایت کیا اسکو ابو داؤد اور نسائی نے اپنی سنن مین اور کہا مسلم نے
پہلی باب الامر بالسکون والنہی عن الاشارۃ بالید
ووضعہا عند السلام واتمام الصفوف الاول و
التراص فیہا پھر کہا مسلم نے اپنی صحیح مسلم مین حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ
اَبِیْ شَیْبَۃَ وَاَبُوْ کُرَیْبٍ قَالَا اَخْبَرَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ عَنِ الْاَعْمَشِ

عن المسيب بن رافع عن تميم بن طرفة عن جابر بن سمرة قال خرج علينا
رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال مالي اراكم رافعي ايديكم
كانها اذناب خيل شمس اسكنوا في الصلوة قال ثم خرج علينا فرآنا
حلقا فقال مالي اراكم عزين قال ثم خرج علينا فقال الا تصفون كما
تصف الملئكة عند ربها فقلنا يا رسول الله وكيف تصف الملئكة
عند ربها قال يتمون الصفوف الاول ويتراصون في الصف
حدثنا ابو كريب قال اخبرنا ابو زائدة عن مسعر قال حدثني
عبيد الله عن جابر بن سمرة قال كنا اذا صلينا مع رسول الله
صلى الله عليه وسلم قلنا السلام عليكم ورحمة الله السلام
عليكم ورحمة الله واشار بيده الى الجانبين فقال رسول الله
صلى الله عليه وسلم علام تومون بايديكم كانها اذناب خيل
شمس انما يكفي احدكم ان يضع يده على فخذه ثم يسلم على
اخيه من على يمينه وشماله حدثنا القاسم قال اخبرنا عبيد الله
بن موسى عن اسرائيل عن فرات عن عبيد الله عن جابر بن سمرة
قال صلينا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فكنا اذا سلمنا
قلنا بايدينا السلام عليكم فنظر الينا رسول الله صلى الله عليه
وسلم فقال ما شانكم تشيرون بايديكم كانها اذناب خيل
شمس اذا سلم احدكم فليلتفت الى صاحبه ولا يومي بيده
انتهى كلام مسلم پس روايت كين مسلم نے اس باب مين كل

دو حدیثین حدیث تمیم کی اور حدیث عبید اللہ کی اور ثابت کیا سکون فی الصلوۃ
کو اور اتمام صفوف کو اور تراص کو تمیم کی حدیث سے اور باقی کو عبید اللہ کی حدیث
سے اب حدیث تمیم کی غیر ہے عبید اللہ کی حدیث کی کتنی وجہون سے وجہ اول یہہ ہے کہ
حدیث تمیم کی دلالت کرتی ہی اسپر کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہ تھے اس نماز
مین یعنی جس مین رفع یدین کر رہے تھے بلکہ گھر سے آئے اور حدیث عبید اللہ کی دلالت
کرتی ہی اسپر کہ تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ساتھہ ہماری نماز مین اور وجہ دوسرے
یہہ ہی کہ حدیث تمیم کی دلالت کرتی ہی رفع یدین پر اور حدیث عبید اللہ کے دلالت
کرتی ہی اشارہ پر اور وجہ تیسرے یہہ ہی کہ حدیث تمیم کے دلالت کرتی ہی اسپر
کہ رفع یدین تھا مظروف نماز کا یعنی اندر نماز کی اور حدیث عبید اللہ کی دلالت
کرتی ہی اسپر کہ یہہ اشارہ نہتا مظروف نماز کا اور وجہ چوتھے یہہ ہی کہ حدیث تمیم
کی دلالت کرتی ہی اسپر کہ سکون ہو مظروف نماز کا اور حدیث عبید اللہ کی دلالت
کرتی ہی اسپر کہ تہا یہہ اشارہ ساتھہ سلام کی اور سلام نہین مظروف نماز کا پس اسیطرح
نہوا اشارہ مظروف نماز کا اور اسی طرح منع اشارہ کا نہوا مظروف نماز کا پس ان
وجہون سے ثابت ہوا کہ حدیث اسکتوا کی اور محل مین ہی اور حدیث عبید اللہ کے
اور محل مین پس کہتے ہین ہم خدای تعالے کی توفیق سے کہ جو رفع یدین مظروف
نماز کا ہی خواہ رکوع مین ہو خواہ سجود مین کہین ہو منسوخ ہوا تمیم کی حدیث سے
پس منسوخ ہوئی اس سے یہہ حدیث ہی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ
یَرْفَعُ یَدَیْہِ عِنْدَ کُلِّ تَکْبِیْرَۃٍ روایت کیا اسکو ابن ماجہ نی اور وجہ دوسرے یہہ
کہ حدیث ابن مسعود کے اَلَا اُصَلِّیْ بِکُمْ صَلٰوۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

فَصَلّٰی فَلَم یَرْفَع یَدَیْہِ فِی اَوَّلِ مَرَّۃٍ روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداود اور نسائی
اور طحاوی اور ابوبکر بن ابی شیبہ وغیرہم نی دلالت کرتی ہی سی نسخ پر کیونکہ نماز پڑہی
عبداللہ بن مسعود نی اون لوگونکی دکہانی کی لئی کہ نہین جانتی تہی نماز رسولخدا
صلی اللہ علیہ وسلم کی پس ظاہر ہی کہ نماز عبداللہ بن مسعود کی مشتمل ہوگی اوپر تمام
فرایض اور واجبات اور سنتون اور مستحبات کی پس جبکہ نکیا رفع یدین کو نماز مین اوپر
پر کہا کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَرْفَعُ یَدَیْہِ اِلَّا عِنْدَ اِفْتِتَاحِ الصَّلٰوۃِ
ثُمَّ لَا یَعُوْدُ تو ثابت ہوا یہہ کہ نہین ہی یہہ رفع یدین نماز کی مستحبات اور سنن مین سے
اور وجہ تیسری یہہ ہی کہ جبکہ ہوئین حدیثین رفع یدین کی محمول استحباب پر اور
حدیثون عدم رفع یدین کے نی دلالت کیا اسکی نسخ پر تو ادنی مرتبہ یہہ حاصل ہوکہ وقت
عدم رفع یدین کی ہوا ادا نماز بطریق سنت کی اور وقت رفع یدین کی ہوا ادا نماز
کا ساتہہ احتمال حصول استحباب کے اور خوف ترک سنت کے اور جو مستحب کے لازم آتا ہو واسطے
کرنی ہی ترک سنت تو واجب ہے ترک کرنا اوس مستحب کا واسطے حاصل کرنی سنت کے
اور وجہ چوتہی یہہ ہی کہ جبکہ ہوئین حدیثین رفع یدین کی محمول استحباب پر تو ہوگا
ادا نماز کا ساتہہ رفع یدین کی اور بغیر رفع یدین کی بطریق سنت بلاشبہہ اور جبکہ
آئین حدیثین نسخ ہونی رفع یدین کی تو فرض کیا ہمنے کہ اقل مرتبہ یہہ ہے کہ واقع ہوا
بیچ ادا نماز کی بطریق سنت کے وقت رفع یدین کی اور متیقن رہا ادا نماز کا بطریق
سنت کے وقت عدم رفع یدین کے پس ترک رفع یدین کا واجب ہوتا ساتہہ حدیث حسن ابن علی بن ابیطالب
کی کہ کہا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا یُرِیْبُکَ اِلٰی مَا لَا یُرِیْبُکَ
روایت کیا اسکو ترمذی وغیرہ نی اور کہا ترمذی نی ہٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ

ل یعنی چھوڑ دون یعنی ترک کرنا لکھین واسطے چھوڑو اور رہو بیرون ... ۱۲

یہہ تحقیق تو اون حدیثون سی ہوئی کہ جو روایت کی گئی ہین رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم سی اب آپ کی آثار صحابہ سنو روایت ہی عبد اللہ بن مسعود سی کہا
اونہون نی صَلَّیْتُ مَعَ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم ومع ابی بکر و
عمر فلم یرفعوا ایدیھم الا عند افتتاح الصلوۃ روایت کیا اسکو بیہقی
اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور ابن عدی نی اور یہہ روایت اصح الاسانید ہی اور
روایت ہی اسود سی کہ کہا اوسنی رأیت عمر بن الخطاب یرفع یدیہ فی
اول تکبیرۃ ثم لا یعود روایت کیا اسکو بیہقی اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور طحاوی
نی ساتھہ سند صحیح کے کہا یہہ شیخ ابن ہمام اور ملا علی قاری نی اور روایت
ہی عاصم بن کلیب سی کہ وہ روایت کرتی ہین اپنی باپ سی ان علیا کان یرفع
یدیہ اذا افتتح الصلوۃ ثم لا یعود روایت کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ اور
طحاوی نی اور امام محمد نی ساتھہ سند صحیح کے اور کہا زیلعی نی شرح کنز مین کہ
کہا ابن مسعود نی صلیت خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر وعمر و
عثمان فلم یرفعوا ایدیھم الا عند افتتاح الصلوۃ انتہی اور روایت کیا
ابو حنیفہ رحمہ اللہ نی حماد سی اوسنی ابراہیم سیے اونسے اسود سیے ان عبد اللہ
عبد اللہ بن مسعود کان یرفع یدیہ فی اول تکبیرۃ ثم لا یعود الی
شیء من ذلک ویاثر ذلک عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اور یہہ حدیث نہایت صحیح ہی اور روایت ہی ابراہیم سی کہ کہا کان عبد اللہ
لا یرفع یدیہ فی شیء من الصلوۃ الا فی افتتاح الصلوۃ روایت کی
یہہ طحاوی نی سند صحیح سیے اور روایت ہی عبد اللہ بن مسعود سیے کہ کہا اونہون

الا اصلی بکم صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی فلم یرفع
یدیہ الا فی اول مرۃ روایت کیا اسکو طحاوی وغیرہ نی اور روایت کیا
امام محمد نی محمد بن ابان سی اونسی عبد العزیز بن حکیم سی کہ کہا اونسے
رایت ابن عمر یرفع یدیہ حذاء اذنیہ فی اول تکبیرۃ افتتاح
الصلوۃ ولم یرفعہما فیما سوی ذلک اور روایت کیا ابو بکر بن ابی شیبہ
نی ابو بکر بن عیاش سی اونسی حصین سی اونسی مجاہد سی کہ کہا مجاہد نے
ما رایت ابن عمر یرفع یدیہ الا فی اول ما یفتتح الصلوۃ اور
روایت کیا اسکو طحاوی نی اور یہہ حدیث صحیح ہے کہا یہہ عینی نے
شرح بخاری مین اور کہا زیلعی نی روی عن مجاہد خدمت ابن عمر عشر
سنین فما رایتہ یرفع یدیہ فی شی من صلوتہ الا فی التکبیرۃ
الاولی اور روایت ہی محمد بن ابی یحیی سی کہ کہا اونسے صلیت الی
جنب عبد اللہ ابن الزبیر فجعلت ارفع یدیہ فی کل رفع وخفض
قال یا ابن اخی رایتک ترفع فی کل رفع وخفض ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا افتتح الصلوۃ رفع یدیہ ثم لا
یرفع فی شی حتی فرغ روایت کیا اسکو بیہقی نی خلافیات اپنی مین اور
روایت کیا مسند مین ابو حنیفہ نی حماد سی اونسی ابراہیم نخعی سی انہ
قال فی وایل بن حجر انہ اعرابی لم یصل مع النبی صلی اللہ علیہ
وسلم صلوۃ اری قبلہا قط فہو اعلم من عبد اللہ واصحابہ حفظ و
لم یحفظوا یعنی رفع الیدین عند الرکوع یہہ حدیث اصح الاسانید ہے

اور روایت کیا طحاوی نی احمد بن داؤد سی اوسنی مسدد سی اوسنی خالد بن عبد اللہ
سی اوسنی حصین سی اوسنی عمرو بن مرہ سے کہا اوسنے دخلت مسجد حضرموت
فاذا علقمۃ بن وائل یحدث عن ابیہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کان یرفع یدیہ عند الرکوع وبعدہ فذکرت ذلک لابراہیم
فغضب وقال راٰہ ہو ولم یرہ ابن مسعود ولا اصحابہ اور روایت کیے
امام محمد نے موطا مین یعقوب بن ابراہیم سے یعنی امام ابو یوسف سے
اور اوسنے حصین بن عبد الرحمن سی کہ کہا اوسنے دخلت انا وعمرو
بن مرۃ علی ابراہیم قال عمرو حدثنی علقمۃ بن وائل الحضرمی
عن ابیہ انہ صلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فراٰہ یرفع یدیہ
اذا کبر واذا رکع واذا رفع قال ابراہیم ما ادری لعلہ لم یری
النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا ذلک الیوم فحفظ ہذا منہ ولم یحفظ
ابن مسعود ولا اصحابہ ما سمعتہ من احد منہم انما کانوا یرفعون
ایدیہم فی بدء الصلوۃ حین یکبرون پس یہ حدیث کہ ساتھہ سند
صحیح کے ہے دلالت کرتی ہی اوپر دعوی اجماع صحابہ زمانہ اوسکیکے
عدم رفع یدین پر اور اسیطرح تصریح کے ہے ملا علی قاری نی بیچ شرح موطا
مین باین عبارت ولا اصحابہ ای ولا سائر اصحاب النبی صلی اللہ
علیہ وسلم ما سمعتہ ای ہذا الرفع الزائد من احد منہم ای
اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم انما کانوا ای الصحابۃ یرفعون ایدیہم فی بدأ الصلوۃ
حین یکبرون ای للتحریمۃ فقط وہذا بمنزلۃ دعوی الاجماع انتہی کلام القاری

پس یہہ ہی تحقیق صحابہ سی اب سنو حال تابعین کا روایت ہی جابر سی ان الاسود وعلقمۃ
کانا یرفعان ایدیہما اذا افتتحا ثم لا یعودان اور روایت ہی طحاوی نے ان ابراہیم
وخیثمۃ لا یرفعان ایدیہما الا فی بدأ الصلوۃ اور روایت ہی حصین اور
مغیرہ سی کہ کہا ابراہیم نخعی نے لا ترفع یدیک فی شیٔ من الصلوۃ
اور روایت ہی حسن بن عیاش سی اور اوسنے عبد الملک کا کہ کہا اوسنے رایت الشعبی
وابراہیم وابا اسحق لا یرفعون ایدیہم الا حین یفتتحون الصلوۃ اور روایت
ہی وکیع اور اسامہ سی اور اوہنون نی شعبہ سی کہ کہا ابو اسحق نی کان اصحاب عبد اللہ
واصحاب علی لا یرفعون ایدیہم الا فی افتتاح الصلوۃ روایت کیا ان سب
روایتونکو ابوبکر بن ابی شیبہ نی کہ اوستاد ہی بخاری اور مسلم کا مصنف اپنی مین بیچ
باب نسخ رفع یدین کی اور کہا طحاوی نی معانی الآثار مین حدثنی ابن ابی
داود قال اخبرنا احمد بن یونس قال حدثنا ابوبکر بن عیاش قال ما
رایت فقیہا قط یفعلہ یرفع یدیہ فی غیر التکبیرۃ الاولی یہہ روایت
صریح دلالت کرتی ہی اوپر دعوی اجماع تابعین مجتہدین کی عدم رفع یدین پر
پس جبکہ ہوئین حدیثین رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم کی دلالت کرنیوالی اوپر عدم
رفع یدین کی سوای تکبیر تحریمہ کے پہر اجماع تابعین کا اسپر جیسا کہ اوپر گذرا تو قائل
ہوئی ساتہہ اسکی ائمہ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد اور امام مالک اور
سوای انکی کہا عینی نے شرح بخاری مین وعند ابی حنیفۃ واصحابہ لا یرفع یدیہ
الا فی تکبیر الاولی وبہ قال ابراہیم النخعی وسفیان الثوری وعامر
الشعبی وابو اسحق السبیعی وعبد الرحمن بن ابی لیلی وعلقمۃ بن قیس

والاسود بن زید وعاصم بن کلیب وابن المغیرة وخیثمة ووکیع ومالک فی روایة وهو المشهور من مذهبه وهو المعمول عند اصحابه انتہی کلام العینی اور کہا نووی نی شرح صحیح مسلم مین وهو اشهر الروایات عند مالک انتہی اور کہا خوارزمی نی مسند مین والدلیل علی هذا ان حدیث رفع الیدین حدیث وانه مدنیون ومالک بن انس المدنی لم یاخذ به ولم یعمل به وانه اعلم بروایة اهل بلده من غیره انتہی حاصل غرض خوارزمی کا یہہ ہی کہ حال عبداللہ بن عمر کی حدیث کا تو یہہ ہی جو معلوم ہوا کہ راوی اوسکی مدنی ہین اور امام مالکنے باوجود مدنی ہونیکی اوسپر عمل نہین کیا حالانکہ وہ اکابر المحدثین مین اور بہی معارض ہی ساتہہ فعل عبداللہ بن عمر کے اور وائل بن حجر نی نہین دیکہا حضرت کو مگر ایک بار جیسا کہ ابو داود کی حدیث سی معلوم ہوتا ہی بس اونکی حدیث کا نہین اعتبار ہی مقابلہ مین حدیث عبداللہ بن مسعود کی اسلیے کہ عبداللہ بن مسعود فقیہ اور مجتہد اور آنحضرت کی ساتہہ ملازم رہا اول سی آخر تک جو اونکو حال احکام نماز کا آنحضرت سے ہے ایکبار کی دیکہنے والیکو کب ہوا اور حدیث مالک بن حویرث کے کہ رفع یدین پر دلالت کرتی ہی سو وہ مجروح ہی جہتہ نصر بن عاصم اور خالد بن مہران کیسلی اور حدیث ابی حمید ساعدی کی کہا بعض نی کہ وہ صحیح ہے لیکن امام طحاوی نی مجروح کیا اوسکو مدلل کر کی اور جرح مقدم ہوتی ہی اوپر تصحیح کے بس نہ ہوا اعتبار اوسکا بہی اور باقی حدیثین باب رفع یدین کی ضعیف ہین جیسا کہ نہین پوشیدہ ہی اسماء الرجال کی جاننی والی پر بس یہہ طریق جرح کا اور طرح ہے سوائے طرحون مذکورہ کے وما علینا الا البلاغ المبین ○

والاسود بن زید وعاصم بن کلیب والمغیرة وحثیمة ووکیع ومالک فی روایة وهو المشهور من مذهبه وهو المعمول عند اصحابه انتهی کلام العینی اور کہا نووی نی شرح صحیح مسلم مین وهو اشهر الروایات عند مالک انتهی اور کہا خوارزمی نی مسند مین والدلیل علی هذا ان حدیث رفع الیدین حدیث واه مدنیون ومالک بن انس المدنی لم یاخذ به ولم یعمل به وانه اعلم بروایة اهل بلده من غیره انتهی حاصل غرض خوارزمی کا یہہ ہی کہ حال عبد اللہ بن عمر کی حدیث کا تو یہہ ہی جو معلوم ہوا کہ راوی اوسکی مدنی ہین اور امام مالک نے باوجود مدنی ہونیکی اوسپر عمل نہین کیا حالانکہ وہ اکابر المحدثین ہین اور بہی معارض ہی ساتہہ فعل عبد اللہ بن عمر کے اور وائل بن حجر نی نہین دیکہا حضرت کو مگر ایک بار جیسا کہ ابو داؤد کی حدیث سہی معلوم ہوتا ہی پس اونکی حدیث کا نہین اعتبار ہی مقابلہ مین حدیث عبد اللہ بن مسعود کی اسلئے کہ عبد اللہ بن مسعود فقیہ اور مجتہد اور آنحضرت کی ساتہہ ملازم رہا اول ہی آخر تک جو اونکو حال احکام نماز کا آنحضرت سے ہے ایکبارگی دیکہنے والیکو کب ہو اور حدیث مالک بن حویرث کے کہ رفع یدین پر دلالت کرتی ہی سو وہ مجروح ہی جہتہ نصر بن عاصم اور خالد بن مہران کیسبب اور حدیث ابی حمید ساعدی کی کہا بعض نی کہ وہ صحیح ہے لیکن امام طحاوی نی مجروح کیا اوسکو مدلل کر کی اور جرح مقدم ہوتی ہی اوپر تصحیح کے پس نہ ہوا اعتبار اوسکا بہی اور باقی حدیثین باب رفع یدین کی سب ضعیف ہین جیسا کہ نہین پوشیدہ ہی اسماء الرجال کی جاننی والی پر پس یہہ طریق جرح کا اور طرح ہے سوائے طرحون مذکورہ کے وما علینا الا البلاغ المبین ۞

عاصم بن کلیب اور مغیرہ اور خیثمہ اور وکیع اور مالک سے ایک روایت میں اور یہی مشہور ہے مذہب سے انکے اور یہی معمول ہے نزدیک یاران کے ... اور کہا نووی نے ... اور یہی مشہور ... مالک سے ... اور دلیل اس پر یہہ ہے کہ حدیث رفع یدین کی ... اور مالک بن انس ... مدنی ہے اور نہ عمل کیا اسپر ... وہ زیادہ جاننے والا ہے روایت اہل شہر کا ...

× منزو الدنکا ...

ساتوان مسئلہ بیچ بیان اسکی کہ بسم اللہ آیۃ سورہ فاتحہ
اور اور سورتون کی ہی یا نہین شبہ کرتی ہین بعضی لوگ بانظور کہ

روایت ہی انس بن مالک سی کہ کہا بیٹھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ذات یوم بین اظہرنا اذ اغفا اغفاءۃ ثم رفع راسہ متبسما
فقلنا ما اضحکک یا رسول اللہ قال انزلت علی انفا سورۃ
فقرأ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ
وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ اور کہا نووی نی شرح مسلم مین وحجۃ
اصحابنا ومن قال انہا ایۃ من الفاتحۃ انما کتبت فی المصحف
بخط المصحف وکان ہذا باتفاق الصحابۃ واجماعہم علی ان لا
یثبتوا فیہ بخط القران غیر القران واجمع بعدہم المسلمون کلہم
فی الاعصار الی یومنا واجمعوا علی انہا لیست فی اول براءۃ
وانہا لا تکتب فیہا انتہی پس یہہ حدیث اور اجماع دلالت کرتا ہی اسپر
کہ بسم اللہ ایک آیۃ ہے ہر سورۃ کی اور یہی مذہب ہی امام شافعی کا اور ہم
جانتی نہین کہ امام اعظم نی کونسی دلیل سی معلوم کیا ہی کہ بسم اللہ نہین ہی آیت
فاتحہ کی اور نہ اور سورتون کی بلکہ وہ جزو قران کا ہی تو جواب اس شبہ کا یہہ ہے
کہ روایت ہی ابی ہریرہ سی کہ کہا سنا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سی کہ فرماتی تھی
قال اللہ تعالی قسمت الصلوۃ بینی وبین عبدی نصفین ولعبدی
ما سال یقول العبد الحمد للہ رب العلمین ویقول اللہ حمدنی
عبدی یقول العبد الرحمن الرحیم یقول اللہ تعالی اثنی علی عبدی یقول

يقول العبد مالك يوم الدين يقول الله مجدني عبدي يقول العبد اياك نعبد واياك نستعين يقول الله فهذه الاية بيني وبين عبدي ولعبدي ما سأل يقول العبد اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين انعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين يقول الله فهؤلاء لعبدي ولعبدي ما سأل روایت کیا اسکو امام مالک و مسلم اور ترمذی وغیرہم پس یہہ حدیث دلالت کرتی ہی اسپر کہ بسم اللہ نہین ہی آیت فاتحہ کی اسلئی کہ اللہ تعالی نی فرمایا کہ نصف سورہ فاتحہ کا میری لئی ہی اور نصف میری بندی کی لئی پہر بیان کیا ان نصفون کو باینطور کہ وہ نصف فاتحہ کا کہ میری لئی ہی وہ الحمد سی لیکر نصف آیہ اياك نعبد واياك نستعين تک ہے اور اياک نستعين سے لیکر آخر سورہ تک بندی کی لئی ہی پس اس سی دو وجہون سے دلیل پکڑی جاتی ہی اسپر کہ بسم اللہ آیہ نہین ہی فاتحہ کی وجہ اول یہہ ہی کہ اللہ تعالے نی بسم اللہ کو دونون نصفون سی خارج کیا اور یہہ منصوص حدیث کا ہی اور وجہ دوسری یہہ کہ اللہ تعالے نی مقرر کین اپنی لئی تین آیتین پہلیان اور پہر فرمایا کہ آیۃ اياک نعبد کی مشترک ہی درمیان میری اور درمیان بندی میری کی اور پہر لعبدی فرمایا کہ کہتا ہی بندہ اهدنا الصراط المستقيم الخ تک اور پہر اشارہ کیا ساتہہ لفظ ہولاء کی کہ جمع کی لئی ہی پس ضرور ہوا کہ ہون سارا الیہ تین آیتین پس ہونگی الحمد سے سات آیتین اور روایت ہی ابی سعید مولی عامر کیسے ان رسول الله صلی الله علیہ وسلم نادی ابي بن كعب وهو يصلي فلما فرغ من صلوته لحقه فوضع يده على يده وهو يريد ان يخرج من باب المسجد فقال اني لارجو ان لا تخرج من

المسجد حتی تعلم ما انزل فی التوریة ولا فی الانجیل ولا فی الفرقان مثلها
قال ابی فجعلت ابطی فی المشی رجاء ذلک ثم قلت یا رسول اللہ السورة
التی وعدتنی بها فقال کیف تقراء اذا افتتحت الصلوة فقال فقرأت علیہ
الحمد للہ رب العلمین الی اخرها فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم هی هذه السورة وهی السبع المثانی والقران العظیم الذی
اعطیت روایت کیا اسکو امام مالک نے اپنی موطا مین اور روایت کیا بخاری نے
ابی سعید بن معلی سی مانند اسکی پس یہہ حدیث صحیح صریح دلالت کرتی ہی کہ بسم اللہ نہین
ہی آیۃ فاتحہ کی دو وجہون سی وجہ اول یہہ ہی کہ حضرت نے الحمد للہ رب العلمین آخر تک کو فرمایا
کہ یہہ وہی سورۃ ہی جو مجہی وعدہ کیا تہا بایطور کہ نہ نکلی تو مسجد سی یہانتک کہ سیکہی
تو وہ سورۃ کہ نہین اوتاری گئی ہی تورات اور انجیل اور فرقان مین مثل اسکی اور وجہ
دوسری یہہ ہی کہ آنحضرت نے الحمد للہ رب العلمین آخر تک کو سبع مثانی فرمایا ہے
یعنی سات آیتین پس اگر بسم اللہ آیت مانی جاوی فاتحہ کی تو ہوگا خلاف اس حدیث صحیح کا
اور اجماع امت کا کیونکہ منعقد ہوا ہی اجماع اسپر کہ آیۃ سورہ فاتحہ کی سات ہین اور روایت
ہی ابی ہریرہ سی کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے الحمد للہ رب العلمین ام القران
وام الکتاب والسبع المثانی روایت کیا اسکو ابوداؤد وغیرہ نی پس یہہ حدیث
دلالت کرتی ہی اسپر کہ ام الکتاب اور سبع المثانی الحمد للہ رب العلمین آخر تک
ہی نہین ہی بسم اللہ آیۃ اسکی اور روایت ہی انس بن مالک سے کان رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم وابو بکر وعمر وعثمان یفتتحون الصلوة بالحمد للہ رب
العالمین روایت کیا اسکو ترمذی نی اور کہا یہہ حدیث صحیح ہی اور روایت ہی انس

بن مالک سے صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم والی بکر وعمر و
عثمان فلم اسمع احدا منہم یقرأ بسم اللہ الرحمن الرحیم روایت کیا
اسکو مسلم وغیرہ نے پس یہہ حدیث صحیح دلالت کرتی ہی اسپر کہ بسم اللہ نہیں ہے آیۃ فاتحہ
کی کیونکہ اگر ہوتی آیۃ فاتحہ کی تو پڑہتے اوسکو ساتہہ فاتحہ کے اور اسیطرح دلالت کرتی ہی اسپر کہ بسم اللہ
نہیں ہے آیۃ اور سورتونکی بہی اور اسی پر اجماع سلف کا کہ جو پہلے ہین امام شافعی سے جیسا کہ
کہا عینی نے شرح بخاری مین انہم قالوا زعم الشافعی انہا آیۃ من کل سورۃ وما
سبقہ الی ہذا القول احد لان الخلاف بین السلف انما ہو فی انہا آیۃ
من الفاتحۃ او لیست بآیۃ منہا ولم یعدہا احد آیۃ من سائر السور
انتہی اور کہا زیلعی نے شرح کنز مین قال بعض اہل العلم من جعلہا آیۃ من کل
سورۃ فقد خرق الاجماع لانہم لم یختلفوا فی غیر سورۃ الفاتحۃ
فی انہا لیست بآیۃ من السور انتہی پس ثابت ہوا اس اجماع سے کہ بسم اللہ نہیں ہے
آیۃ سورتونکے اور ثابت ہوا اون حدیثون مذکورہ سے کہ بسم اللہ نہین ہے آیۃ فاتحہ کی پس
واجب ہوا عمل کرنا ساتہہ دلیل قوی کی پس کہتے ہین ہم کہ حدیث انس کہ تمسک کرتے ہین
ساتہہ اوسکی اسپر کہ بسم اللہ آیۃ ہے سورۃ کے جواب اسکا دو وجہ کر ہی جواب اول یہہ ہے کہ وہ حدیث
دلالت کرتی ہین بسم اللہ کے نہ آیۃ ہونے پر صحیحین مین حدیث انس کی سی کہ تمسک کرتے ہین
ساتہہ اوسکے آیۃ ہونے پر جیسا کہ نہین پوشیدہ عارف حدیث پر اور وجہ دوسری یہہ ہے کہ حدیث
انس کی نہین دلالت کرتی ہی اسپر کہ حضرت نے فرمایا ہو کہ بسم اللہ آیۃ ہے سورۃ کی بلکہ محتمل ہی کہ پڑہا ہو
واسطے تعلیم کی باینطور کہ جب سورۃ پڑہی جاوے تو پہلے اوسکے بسم اللہ پڑہی جاوے اور محتمل ہی کہ پڑہا ہو
واسطے فصل کی کیونکہ بسم اللہ پڑہنے سے فصل معلوم ہو جاتا ہے سو ان میں احتمال ہونے حدیث انس کے

ایسی تو ضرور ہوا عمل کرنا ساتھہ اون حدیثون صحیحہ صریح الدلالت کی اور تمسک پکڑنا
ساتھہ اوس اجماع کی کہ نقل کیا ہی نووی نی غیر مستقیم ہی کتنی ایک وجہون سے وجہ اول یہ ہے
کہ روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نی ان سورۃ فی القرآن ثلثون
ایۃ شفعت لرجل حتی غفر لہ ھی تبارک الذی بیدہ الملک روایت کیا احمد بن حنبل اور
ابوداود اور ابن ماجہ اور نسای اور ترمذی نی پس اس حدیث نی دلالت کیا کہ آیتین سورہ
ملک کے تیس ہین اور کہا طیبی نی شرح کرمین اجمعوا علی ان تبارک الذی بیدہ الملک
ثلثون ایۃ من غیر البسملۃ انتھی پس اجماع نی ساتھہ حدیث کے ملکر دلالت کی اسپر کہ بسم اللہ
نہین ہے آیۃ اس سورہ ملک کے باوجود اسکے کہ لکہی گئی ہی مصحف مجید مین اور وجہ دوسرے یہہ ہی کہ
مختلف ہوئی ہین بسم اللہ کے آیۃ ہونی مین بیچ سورہ فاتحہ کی اور باقی سورتونکی بسم اللہ مین اجماع ہی
اسپر کہ نہین ہی آیۃ جیسا کہ اوپر گذرا باوجودیکہ لکہی جاتی ہی مصحف مین پس معلوم ہوا ان
دونون وجہون سی کہ تمسک پکڑنا اوس اجماع سی آیت ہونی پر غیر مستقیم ہے اور وجہ تیسرے
یہہ ہی کہ یہہ اجماع نہین ہے اسپر کہ بسم اللہ آیۃ سورہ کے ہے بلکہ اجماع ہی اوپر جانے ہونے مصحف کے غیر قرآن سے
سوہم قایل ہین اسکی سلئی کہ بسم اللہ ہمارے نزدیک جزو قران شریف کے ہیے پس تا پر ہوا ساتھہ حدیثون
صحیحہ کے کہ بسم اللہ نہین ہی آیت فاتحہ کی اور یہی مذہب ہے حنفیون اور مالکیونکا اور باقی سورتونکے
بسم اللہ نہین ہی آیت اور اسی پر ہی اجماع مگر امام اعظم کی نزدیک بسم اللہ جزو قرآنکی ہی سواے تہہ دلیل
اوس اجماع مذکور کی کہ نقل کیا ہی نووی نے اور امام مالک کے نزدیک جزو قرآنکی نہین مسئلہ آٹھوان

بیچ بیان جہر اور اخفاء بسم اللہ کی ہی شبہ کرتی ہین بعضے لوگ بار نظر کر

روایت ہی ام سلمہ سے ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کان یصلی فی بیتھا فقرأ
بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العلمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین ایاک

نعبد و ایاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم
غیر المغضوب علیہم ولا الضالین روایت کیا اسکو طحاوی وغیرہ نی اور یہہ حدیث دلالت کرتی
ہی بسم اللہ کے جہر کرنی پر کیونکہ اگر پکار کر نہ پڑھتی تو حضرت ام سلمہ کیونکر سنتین اور یہی مذہب ہے
امام شافعی کا اور ہم نہین جانتی کہ امام اعظم نی کونسی حدیث سی معلوم کیا ہی حضرت بسم اللہ کو جہر نہین کرتی
تہی لیکن کرنا چاہئی سو جواب اس شبہ کا یہہ ہی کہ روایت ہے انس بن مالک سے ان النبی صلی اللہ علیہ
وسلم وابابکر وعمر وعثمان کانوا یفتتحون القراءۃ بالحمد للہ رب العالمین +
روایت کیا اسکو ابوداود اور ترمذی اور طحاوی وغیرہم نے اور کہا ترمذی نے کہ یہہ حدیث حسن
صحیح ہی اور روایت ہی انس بن مالک سے کہ کہا صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابی بکر
وعمر وعثمان فلم اسمع احدا منہم یقراء بسم اللہ الرحمن الرحیم روایت کیا
اسکو مسلم اور طحاوی نی اور روایت ہی انس بن مالک سے کہ کہا صلیت خلف النبی صلی اللہ
علیہ وسلم وابی بکر وعمر وعثمان فکانوا یفتتحون بالحمد للہ رب العلمین
ولا یذکرون بسم اللہ الرحمن الرحیم فی اول قراءۃ ولا فی
اخرھا روایت کیا اسکو مسلم نی اور روایت ہی انس بن مالک سے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وابابکر وعمر کانوا یفتتحون الصلوۃ بالحمد للہ رب العلمین روایت کیا اسکو بخاری
اور ابن ماجہ نی اور روایت ہی انس بن مالک سے کہ کہا صلی بنا رسول اللہ علیہ وسلم
فلم یسمعنا قراءۃ بسم اللہ الرحمن الرحیم وصلی بنا ابوبکر وعمر فلم نسمع
منہما روایت کیا اسکو نسائی نی اور روایت ہی انس بن مالک سے کہا کنت وراء ابی بکر
وعمر وعثمان فکلہم لا یقراء بسم اللہ الرحمن الرحیم اذا افتتح الصلوۃ
روایت کیا اسکو امام مالک نے موطا میں اور امام طحاوی نی معانی الآثار میں اور روایت ہے انس بن

مالک سے کہا کہ نہیں سنا میں نے کسی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا ابو بکر ولا عمر جہر ون

ببسم اللہ الرحمن الرحیم روایت کیا اسکو امام ابو حنیفہ نے اور امام طحاوی نے اور روایت

انس بن مالک سے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابابکر وعمر کانوا یسرون ببسم اللہ

الرحمن الرحیم روایت کیا اسکو طحاوی نے اور روایت ہی عبداللہ بن مغفل سے کہا سمعنی ابی

وانا فی الصلوۃ اقول بسم اللہ الرحمن الرحیم فقال لی ابی بنی ہذا محدث ایاک

والحدث قال ولم ار احدا من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابغض الیہ

الحدث فی الاسلام یعنی منہ وقال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم

ومع ابی بکر وعمر وعثمان فلم اسمع احدا منہم یقولہا فلا تقلہا اذا انت

صلیت فقل الحمد للہ رب العالمین روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور طحاوی اور ابن

ماجہ اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور ابو حنیفہ وغیرہم نے اور روایت ہی عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا کان رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم یفتتح الصلوۃ بالتکبیر ویفتتح القراءۃ بالحمد للہ رب العالمین

روایت کیا اسکو ابو داؤد اور مسلم اور ابن ماجہ وغیرہم نے یہ روایتیں صحیحہ صریح دلالت کرتی ہیں

بسم اللہ کی عدم جہر پر اور یہی مذہب ہی جمہور اہل علم کا اور انہیں میں سے ہیں خلفاء اربعہ اور عروہ بن

الزبیر اور ابراہیم نخعی اور سفیان ثوری اور حسن بصری اور ابو حنیفہ اور امام مالک اور احمد بن حنبل اور

ابو یوسف اور امام محمد اور اسحاق اور عبداللہ بن مبارک اور سوائے انکے سلف و خلف سے ہیں

کہا ترمذی نے والعمل علیہ عند اکثر اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ

وسلم منہم ابو بکر وعمر وعثمان وعلی وغیرہم ومن بعدہم

من التابعین وبہ یقول سفیان الثوری وابن المبارک واسحاق واحمد

لا یرون ان یجہر ببسم اللہ الرحمن الرحیم قالوا یقولہا فی نفسہ انتہی

مالک سے کہ کہا کہ نہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولا ابو بکر ولا عمر جہر کرتے بسم اللہ الرحمن الرحیم روایت کیا اسکو امام ابو حنیفہ نے اور امام طحاوی نے اور روایت ہے انس بن مالک سے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم و ابا بکر و عمر کانوا یسرون بسم اللہ الرحمن الرحیم روایت کیا اسکو طحاوی نے اور روایت ہے عبد اللہ بن مغفل سے کہ کہا سمعنی ابی وانا فی الصلوٰۃ اقول بسم اللہ الرحمن الرحیم فقال لی ای بنی ہذا محدث ایاک والحدث قال ولم ار احدا من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابغض الیہ الحدث فی الاسلام یعنی منہ وقال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومع ابی بکر و عمر و عثمان فلم اسمع احدا منہم یقولہا فلا تقلہا اذا انت صلیت فقل الحمد للہ رب العالمین روایت کیا اسکو ترمذی اور نسائی اور طحاوی اور ابن ماجہ اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور ابو حنیفہ وغیرہم نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفتتح الصلوٰۃ بالتکبیر ویفتتح القراءۃ بالحمد للہ رب العالمین روایت کیا اسکو ابو داؤد اور مسلم اور ابن ماجہ وغیرہم نے یہ حدیثیں صحیحہ صریح دلالت کرتی ہیں بسم اللہ کی عدم جہر پر اور یہی مذہب ہے جمہور اہل علم کا اور انہیں میں سے ہیں خلفاء اربعہ اور عروہ بن الزبیر اور ابراہیم نخعی اور سفیان ثوری اور حسن بصری اور ابو حنیفہ اور امام مالک اور احمد بن حنبل اور ابو یوسف اور امام محمد اور اسحاق اور عبد اللہ بن مبارک اور سوای انکی سلف و خلف سے کہ کہا ترمذی نے والعمل علیہ عند اکثر اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منہم ابو بکر و عمر و عثمان و علی وغیرہم ومن بعدہم من التابعین وبہ یقول سفیان الثوری وابن المبارک واسحاق واحمد لا یرون ان یجہر ببسم اللہ الرحمن الرحیم قالوا یقولہا فی نفسہ انتہی

اور کہا عبدالرحمن اعرج اور عروہ بن الزبیر نی ادرکت الائمۃ وما یفتتحون
القرأۃ الا بالحمد للہ رب العلمین روایت کیا اسکو طحاوی نی اور کہا عینی نے
شرح بخاری مین ولا ینطق عاقل ان اکابر الصحابۃ والتابعین واکثر اھل
العلم یواطون علی خلاف ماکان علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
وسیاتی الجواب عن احادیث الجھر انشاء اللہ تعالی انتھی پہر جواب دیا عینی نے
بعد اسکی ہر حدیث کا حدیثون جہر کی سی اور پہر کہا بعد اب دینی جواب حدیثون کے ان احادیث الجھر
وان کثرت رواتھا فکلھا ضعیفۃ انتھی اور کہا شیخ کمال الدین نی فتح القدیر
مین قال بعض الحفاظ لیس حدیث صریح فی الجھر الا فی اسنادہ مقال
عند اھل الحدیث انتھی اور کہا زیلعی نی فالحاصل ان احادیث الجھر
لم تثبت عند اھل الحدیث والنقل انتھی اور باوجود اسبات کی اگر فرض کرین ہم
کہ ثابت ہو کوئی حدیث جہر کی تو وہ محمول ہی اسپر کہ محمول ہین اوسپر حدیثین جہر قرأۃ
ظہر وعصر کی بعض اوقات مین واسطی عمل کرنی قوی حدیثون کی اور تابعداری کرنی جمہور صحابہ
کی کہ اون مین ہی خلفاء اربعہ مین

مسئلہ نوان بیچ بیان سورہ فاتحہ کی کہ پڑہنا اوسکا نماز مین فرض ہی یا واجب

شبہ کرتی ہین بعضی لوگ باینطور کہ روایت ہی عبادہ بن صامت سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نی لاصلوٰۃ
لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب روایت کیا بخاری نی اور مسلم نی پس یہہ حدیث دلالت
کرتی ہی اسپر کہ نہین جائز ہے نماز بغیر پڑہنی سورہ فاتحہ کی یعنی سورہ فاتحہ پڑہنی فرض ہے
اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور ہم نہین جانتی کہ امام اعظم نی کونسی دلیل سی معلوم کیا کہ
پڑہنا سورہ فاتحہ کا واجب ہی نہ فرض تو جواب اس شبہ کا یہہ ہی کہ روایت ہی ابی ہریرہ سے

کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے من صلی صلوٰۃ لم یقرأ فیہا بام القرآن
فہی خداج ثلثا غیر تمام روایت کیا اسکو مسلم اور امام مالک نے اور ابو داؤد اور ابن
ماجہ اور ترمذی اور نسائی اور طحاوی نے اور روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ فرمایا سمعت
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یقول کل صلوٰۃ لا یقرأ فیہا بام الکتاب فہی
خداج روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور طحاوی نے اور روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلے
اللہ علیہ وسلم نے ان ہذہ الصلوٰۃ لا یصلح فیہا من کلام الناس انما ہی التسبیح
والتکبیر وقراءۃ القرآن روایت کیا اسکو مسلم اور ابو داود اور نسائی اور طحاوی نے
ساتہہ سندون کثیرہ کی اور روایت ہے انحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا اذا قمت الی
الصلوٰۃ فکبر ثم اقرأ ما تیسر معک من القرآن ثم ارکع الحدیث روایت
کیا اسکو بخاری اور مسلم اور نسائی اور ترمذی اور طحاوی اور ابن ماجہ اور ابو داود نے اور
روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ نے نادِ فی المدینۃ انہ لا صلوٰۃ الا بقراءۃ
ولو بفاتحۃ الکتاب روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابو حنیفہ نے اور روایت عبد اللہ
بن حارث سے کہا صلیت خلف رہط من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم
من الانصار فذکروا الصلوٰۃ وقالوا لا صلوٰۃ الا بقراءۃ ولو بفاتحۃ الکتاب
روایت کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ نے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے فاقرؤا ما تیسر من
القرآن پس یہہ آیہ کریمہ اور حدیثین صحیحہ کہ بکثرت ہین صریح دلالت کرتی ہین اسپر کہ فرض نماز مین
مطلق قراۃ ہے اور سورہ فاتحہ فرض نہین ہے بلکہ واجب ہے جیسا کہ مذہب امام اعظم اور تابعین
اونکا ہے پس جواب عبادہ بن صامت کی حدیث کا دو وجہون سے ہے وجہ اول یہہ ہے کہ لفظ لا کا کہ
حدیث مین مذکور ہے اسم وخبر کو چاہتا ہے اسم اسکا لفظ صلوٰۃ کا ہے اور خبر اسکی انحضرت نے بیان نہین

ہوئی پس ہوئی حدیث مؤول اور مثل کسی چیز کی مثل لفظ کاملہ یا جائزہ کی پس اگر ہو مقدر خبر
لفظ جائزہ کا تو ہونگی معنی یہہ کہ نہین جائز ہی نماز بغیر فاتحہ کے اور اگر ہو مقدر لفظ کاملہ
کا تو ہونگی معنی یہہ کہ نہین ہوگی نماز کامل بغیر فاتحہ کی پس دلالت کی آیۃ شریفہ نی اور حدیثون صحیحہ نے
کہ خبر لا کی کاملہ ہی نہ جائزہ پس حاصل اس وجہ کا یہہ ہی کہ جبکہ نہوئی خبر لا کی مذکور آنحضرت سے تو ہوگے
حدیث مؤول دلالت کرنیوالی بذاتہ کسی امر پر بلکہ ہوگی تابع اون دلیلونکی کہ قوی ہونگی آپ سے
پس ہوئی تابع آیۃ شریفہ اور حدیثون مذکورہ کی کہ وہ صحیح تر ہین اس سے اور وجہ دوسری یہ
کہ خود وہی حدیث عبادۃ بن صامت کی دلالت کرتی ہی اسپر کہ خبر لا کی کاملہ ہی اسلئی کہ تمام لفظ
حدیث کی یہہ ہین کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نی لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ
الکتاب فصاعدا روایت کیا اسکو مسلم اور ابو داؤد اور نسائی وغیرہم نی اور حدیث
ابی سعید کے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مفتاح الصلوۃ الطہور وتحریمہا
التکبیر وتحلیلہا التسلیم ولا صلوۃ لمن لم یقرء بالحمد وسورۃ فی فریضۃ
او غیرہا روایت کیا اسکو ترمذی نی اور وجہ دلالت کرنی ان حدیثونکی اوپر ہونی خبر کی کاملہ
اجماع امت کا ہی اسلئی کہ اگر اس حدیث مین مقدر رکھیجاوی خبر لا کی جائزہ تو ہونگی معنی یہہ کہ
جبتک سورۃ فاتحہ اور اور کچھہ قران نہ پڑہا جاوے تو ہوگی نماز غیر جائز اور یہہ معنے بالاجماع باطل ہین اسلئے
کہ ملانا سورۃ کا ساتھہ فاتحہ کی نہین فرض نزدیک کسی امام کی پس دلالت کی عبادہ کے حدیث نے
اور حدیث ابی سعید کے نے اسپر کہ خبر لا کی کاملہ ہی پس ثابت ہوا ساتھہ حدیث عبادہ کے اور حدیثون
مذکورہ کی اور ساتھہ قران شریف کے یہہ کہ مطلق پڑہنا قران کا فرض ہی بغیر تعین فاتحہ کے
اور یہی مذہب ہے ائمہ کا اون مین سی امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف اور امام محمد اور امام احمد بن حنبل کا
اور حسن بصری اور ابراہیم نخعی اور عامر شعبی اور سعید بن المسیب اور سوائے انکی کے

ہین اور کہا عینی نے شرح بخاری مین کہ نقل کیا گیا ہی احمد بن حنبل سی کہ کفایت کرتی ہی قرات ایک آیت کی قران شریف سے کسی جگہہ سی ہو انتہی **دسوان مسئلہ اسکی بیان مین کہ پڑہنا سورہ فاتحہ کا پیچھے امام کی صلوۃ جہریہ مین درست ہے** یا نہین شبہ کرتی ہین بعضی لوگ باین طور کہ روایت ہی حرام بن حکیم سے کہ وہ نقل کرتی ہین نافع بن محمود بن ربیع سی وہ کرتی ہین عبادہ بن صامت سے کہ کہا صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض صلوات التی یجہر فیہا القراءۃ فقال لا یقرأ احد کم منکم اذا جہرت بالقراءۃ الا بام الکتاب روایت کی ہے نسائی نی اور روایت ہی مکحول سی وہ روایت کرتی ہین نافع بن محمود بن ربیع سی کہ کہا اونہے ابطأ عبادۃ عن صلوۃ الصبح فاقام ابو نعیم المؤذن الصلوۃ فصلی ابو نعیم بالناس واقبل عبادۃ وانا معہ حتی صففنا خلف ابی نعیم وابو نعیم یجہر بالقراءۃ فجعل عبادۃ یقرأ بام القران فلما انصرف قلت لعبادۃ سمعت یقراء بام القران وابو نعیم یجہر قال اجل صلی بنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعض الصلوات التی یجہر فیہا القراءۃ فالتبست علیہ القراءۃ فلما انصرف اقبل علینا بوجہہ فقال تقرأون اذا جہرت بالقراءۃ فقال بعضنا انا نصنع ذلک قال فلا واقول مالی ینازعنی القران فلا تقرأوا بشیء من القران الا بام القران روایت کیا اسکو ابو داؤد وغیرہ نی پس یہہ حدیث صریح دلالت کرتی ہی اوپر پڑہنے سورہ فاتحہ کے نماز جہریہ مین پیچھی امام کی اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور ہم نہین جانتی کہ امام اعظم نے کونسے دلیل سی سند پکڑی ہی کہ پڑہنا سورہ فاتحہ کا پیچھے امام کے صلوۃ جہریہ مین درست نہین سو جواب اس شبہ کا یہہ ہے

کہ کہا امام مالک نے اپنی موطا مین عن ابن شہاب عن ابن اکیمۃ اللیثی عن ابی
ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصرف من صلوۃ جہر
فیہا بالقراءۃ فقال ہل قرأ معی منکم احد انفا فقال رجل نعم انا
یا رسول اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی اقول مالی انازع
القران فانتہی الناس عن القرأۃ مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فیما جہر فیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالقراءۃ حین سمعوا ذلک
من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور روایت ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انما جعل الامام لیؤتم بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ
فانصتوا روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور نسائی اور ابوداؤد اور مسلم نے اور کہا مسلم نے صحیح
اپنی مین کہ یہہ حدیث صحیح ہے پس یہہ حدیث تفسیر اور بیان ہے قول اللہ تعالے کا فاذا
قرء القران فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون کہ نازل ہوئی نماز کی بابت مین
جیسا کہ کہا امام احمد نے اجمع الناس علی ان ہذہ الایۃ نزلت فی الصلوۃ روایت
کیا اسکو بیہقی نے جیسا کہ کہا ابن ہمام رح نے فتح القدیر مین اور ملا علی قاری نے موطا مین
پس یہہ حدیثین اور آیت قرآنی دلالت کرتی ہین اوپر نہ پڑہنے قرارۃ کی مطلقا پیچہے امام کے
نماز جہریہ مین جیسا کہ مذہب ہے جمہور اہل علم کا اون مین سے امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف اور
امام محمد اور امام مالک اور امام احمد اور فقہا حجاز اور شام وغیرہم رحمہم اللہ مین جیسا کہا عینی نے شرح
بخاری مین اور جواب حدیث نافع بن محمود کا دو وجہون سے ہے وجہ اول یہہ کہ نافع مذکور شخص مجہول
ہے جیسا کہ کہا عسقلانی نے تقریب مین اور کہا زیلعی نے ضعفہ جماعۃ منہم احمد
بن حنبل انتہی پس ہوئی یہہ حدیث نافع کی مردود نزدیک اہل حدیث کی اسلئے کہ مجہول

ہونا راوی کا تہم ہی حدیث مردود کی اہل حدیث کی نزدیک جیسا کہ مذکور ہی اصول حدیث مین
اور وجہ دوسری یہ ہی کہ تقدیم قران شریف کی بیچ نکالنی احکام کی ثابت ہی عقل و نقل سی مقتضای
عقل سلیم یہی ہی کہ الفاظ قران شریف کی اور نظم اوسکی متواتر او قطعی ہین بغیر احتمال تبدیل او
تغیر زیادتی اور نقصان کی بخلاف حدیث کی کہ نہین ہوتی ہی ساتھ اس طریق مذکور کے بلکہ بعضے
اوسکے احاد او غیر متواتر مگر چند حدیثین سو وہ بہی مثل قران کی نہین ہین اور مقتضای نقل سلیم یہ ہی
کہ روایت ہے معاذ بن جبل سی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما بعثہ الی الیمن
قال کیف تقضی اذا عرض لک قضاء قال اقضی بکتاب اللہ تعالی فان لم تجد
فی کتاب اللہ قال فبسنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فان لم تجد فی
سنۃ رسول اللہ قال اجتہد برأیی ولا آلو قال فضرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
علی صدرہ وقال الحمد للہ الذی وفق رسول رسول اللہ لما یرضی بہ رسولہ
روایت کیا اسکو ترمذی اور دارمی اور ابو داؤد نی پس یہہ حدیث صریح دلالت کرتی ہی اوپر ترتیب
مذکور کی پس واجب ہوا عمل کرنا ساتہہ حدیثون صحیحہ کی کہ موافق اونکی قران شریف ہی کیونکہ تقدیم قران
شریف کے واجب ہے پس واجب ہوا ترک قراءت کا مطلقا پیچھے امام کے صلوۃ جہریہ مین ساتھ قران شریف
اور حدیثون صحیحہ کے اور یہی مذہب ہی جمہور اہل علم کا **مسئلہ گیارہوان اسکی بیان**
مین کہ پڑہنا سورہ فاتحہ کا پیچھے امام کی نماز سریہ مین درست ہے یا نہین
شبہہ کرتی ہین بعضی لوگ با منظور کہ روایت ہی عبادہ بن صامت سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نی لا صلوۃ لمن لم یقراء بفاتحۃ الکتاب فصاعدا روایت کیا اسکو مسلم نے
پس یہہ حدیث دلالت کرتی ہی اسپر کہ نہین جائز ہی نماز بغیر پڑہنے سورہ فاتحہ کی اور زیادہ کے پس یہہ حدیث
بعموم دلالت کرتی ہی اوپر پڑہنے سورہ فاتحہ کے پیچھے امام کے سریہ مین ہی اور بغیر پڑہنے کے نماز جائز نہین

ہوئی اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا اور ہم نہیں جانتے کہ امام محمد نے کونسی حدیث سے سند
پکڑی ہے کہ پڑھنا قرات کا مقتدی کو درست نہیں ہے سو جواب اس شبہ کا یہ ہے کہ روایت ہے
عمران بن حصین سے کہ کہا اونہوں نے صلوٰۃ پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوٰۃ الظہر
والعصر فقال ایکم قرأ خلفی بسبح اسم ربک الاعلیٰ فقال رجل انا ولم ارد بہا
الا الخیر قال قد علمت ان بعضکم خالجنیہا روایت کیا اسکو مسلم اور ابو حنیفہ
اور ابو حنیفہ کی روایت میں بدلے خالجنیہا کے لفظ خالجنی القراۃ ہے اور روایت ہے عمران
بن حصین سے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی الظہر فجعل رجل یقرأ خلفہ بسبح اسم
ربک الاعلیٰ الذی فلما انصرف قال ایکم القاری قال رجل انا فقال قد
ظننت ان بعضکم خالجنیہا روایت کیا اسکو مسلم اور ابو داؤد اور نسائی اور
طحاوی نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے انما جعل الامام لیؤتم
بہ فاذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور ابو داؤد اور نسائی
نے اور کہا مسلم نے یہہ حدیث صحیح ہے پس یہہ حدیث صحیح تفسیر اور بیان ہے اللہ تعالیٰ کے قول کا
فاذا قرئ القران فاستمعوا لہ وانصتوا یعنے جبکہ پڑھا جاوے قران پس سنو تم اسکو اور چپکے رہو
یعنی سنو حالت جہر میں اور چپکے رہو حالت اخفا میں دلالت کرتا ہے اسپر لفظ فاذا قرئ القران
کا اسلئے کہ قرات قران کی دونوں حالتوں میں موجود ہے اور یہی دلالت کرتا ہے اسپر فرمانا
اذا جہر القران کا اور یہی دلالت کرتا ہے اسپر فرمانا اللہ تعالےٰ کا فاستمعوا لہ وانصتوا کو کیونکہ اگر
ہوتی مراد مذکور تو کفایت کرتا تھا لفظ فاستمعوا کا بغیر وانصتوا کے اور یہی دلالت
کرتی ہے اسپر یہہ اصل کہ تعدد الفاظ کا دلالت کرتا ہے تعدد معانی پر پس ہوئے معنے اس آیت کے یہہ
جس وقت پڑھا جاوے قران سنو تم حالت جہر میں اور چپکے رہو حالت اخفا میں اور انہیں معنوں کو لطور

انقصار کی بیان فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نی ساتھہ قول اپنی کی انما جعل الامام
لیؤتم بہ اذا کبر فکبروا واذا قرأ فانصتوا یعنی جب پڑہی امام قرآن کو خواہ حالت
جہر میں خواہ اخفا میں چپکی رہو پس حاصل معنی کا یہہ ہوا کہ پڑہنا قران کا شرط ہوا اور چپکے
رہنا جزا ہوا اور اللہ تعالی نی اور اسکی رسول نی صیغہ امر کا فرمایا کہ وہ وجوب کے لئی ہوتا ہے
پس ہوئی معنی اسکی یہہ کہ جب پایا جاوی پڑہنا قرانکا خواہ جہر میں خواہ اخفا میں تو واجب ہی چپکے رہنا
پس ان حدیثوں صحیحہ نی اور قران شریف نی دلالت کی اوپر منع قرأۃ قرانکی پیچھی امام کے خواہ نماز
جہریہ ہو یا سریہ اور اوپر مذکور ہو چکا ہی کہ تقدیم قران شریف کے احکام دین میں ثابت ہے
عقل و نقل سی پس وہ حدیثیں کہ موافق ہیں قران شریف کی اس باب میں قوت حاصل کر کے مقدم
ہونگی عمل میں اور حدیثوں سی پس واجب ہوا عمل کرنا اوپر ترک کرنی قرارۃ فاتحہ وغیرہ کی پیچھی
امام کے نماز جہریہ اور سریہ میں پس حدیث لاصلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب فصاعدا مخصوص ہوئی ساتھ
ان حدیثوں اور قران شریف کے پس ایک جز ہی نہ پڑہنی سورہ فاتحہ وغیرہ کی پیچھی امام کے خواہ نماز
جہریہ ہو یا سریہ ہو اور وجہ دوسرے یہہ ہی کہ روایت ہی جابر بن عبداللہ سے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
قال من کان لہ امام فقراءۃ الامام لہ قرأۃ روایت کیا اسکو طحاوی نے ساتھ سندوں متعدد
کے اور روایت کیا اسکو ابوبکر بن ابی شیبہ نے مصنف اپنی میں اوپر شرط مسلم کی اور روایت کیا اسکو
احمد بن منیع نی مسند اپنی میں اوپر شرط شیخین کی یہہ کہا شیخ کمال الدین نی فتح القدیر میں
اور روایت کیا اسکو عبد بن حمید نے کتاب اپنی میں اوپر شرط مسلم کی کہا یہہ شیخ ابن ہمام نی فتح القدیر میں اور
کہا ابوحنیفہ نے حدثنا ابوالحسن موسی بن ابی عائشۃ عن عبداللہ بن شداد عن
جابر بن عبداللہ الانصاری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من صلی خلف
الامام فان قرأۃ الامام لہ قرأۃ پس یہہ حدیث صحیح ہی اوپر شرط شیخین کی اور کہا امام محمد نے

ع حنفیہ نے ... علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کا ہو امام پس قرأۃ امام کی کافی ہے اسکی قرأۃ سے ۱۲

ع فرمایا حضرت نے یعنی نماز پڑہی جس شخص نے پیچھے امام کے پس قرأۃ امام کی اسکی قرأۃ ہے ۱۲

موطا میں اخبرنی ابو حنیفۃ قال اخبرنا ابو الحسن موسی بن ابی عائشۃ عن
عبد اللہ بن شداد عن جابر بن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
انہ قال من صلی خلف الامام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ یہ حدیث صحیح ہی اور بشرط
شیخین کے اور کہا امام محمد نے اخبرنا اسرائیل بن یونس قال حدثنی موسی بن ابی
عائشۃ عن عبد اللہ بن شداد قال ام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم للناس فی
العصر فقرأ رجل خلفہ فغمزہ الذی یلیہ فلما ان صلی قال لم غمزتنی قال
کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قدامک وکرہت ان تقرأ خلفہ فسمعہ
النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان لہ امام فان قراءۃ الامام لہ قراءۃ
روایت کیا اسکو جابر بن عبد اللہ سے حاکم اور طحاوی اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور ابو حنیفہ نے ساتھ اسناد
صحیح کی اور روایت ہی عبد اللہ بن عمر سے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من کان لہ امام
فقراءۃ الامام لہ قراءۃ روایت کیا اسکو طحاوی نے اور روایت ہی عبید اللہ بن مقسم سے
انہ سأل عبد اللہ بن عمر و زید بن ثابت و جابر بن عبد اللہ فقالوا لا تقرأ
خلف الامام فی شیء من الصلوات روایت کیا اسکو طحاوی نے ساتھ اسناد صحیح کی لیکن
حدیثیں صریح دلالت کرتی ہیں اسپر کہ جو مقتدی نماز پڑہی پیچھے امام کی پس قراءۃ اوسکی امام
کی قراءۃ اوسکی ہی پس یہ حدیثیں تفسیر بیان ہوئیں حدیث لا صلوۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ
الکتاب فصاعدا کی باین طور کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اول لا صلوۃ آخر تک پس
معلوم ہوا اس حدیث سے کہ پڑہنا سورہ فاتحہ کا اور اور سورہ کا مقتدی پر ہی پہر فرمایا من صلی
خلف الامام فقراءۃ الامام لہ قراءۃ پس معلوم ہوا اس حدیث سے کہ پڑہنا امام کا قراءۃ کو
سورہ فاتحہ خواہ اور کچھ بعینہ پڑہنا مقتدی کا ہی پس ثابت ہوا اس حدیث سے جو کوئی پڑہی نماز پیچہی امام کے

اور نہ پڑہنا قرات کو ہوگا عمل کرنیوالا ساتھہ حدیث من صلی خلف الامام فقراءة الامام
له قراءة کی اور عمل کرنیوالا ساتہہ حدیث لاصلوٰۃ آخر تک کے سبب فرمانی رسولخدا
صلی اللہ علیہ وسلم کی قرآءة الامام له قرآءة اور جو کوئی پڑہی نماز پیچھی امام کے اور پہر پڑہی قرات
وہ مخالف ہوا ان دونوحدیثون کی بسبب فرمانی حضرت کی قرآءة الامام آخر تک پس واجب
ہوا ترک کرنا قراءة پیچھی امام کی نماز مین خواہ نماز جہریہ ہو یا سریہ موجب ان حدیثونکے
پس اس وجہ دوسری مین نرہی حاجت مخصص کرنی حدیث لاصلوٰۃ کی اور ان حدیثون سے
نکال کر امام اعظم نی بطور لطیفہ کے مناظرہ کیا ہی وہ یہہ ہی کہا فخرالدین رازی نی کہ ایک جماعت
اہل مدینہ کی آئی ابوحنیفہ کی پاس واسطی مناظرہ کرنیکی درباب قراءة کی پیچھی امام کی پس کہا
ابوحنیفہ نی اونکو کہ نہین قدرت رکہتا ہون مناظرہ کرنیکے سبکے ساتہہ حالانکہ تمکو ضرور ہی نظرہ
کرنا پس جماعت لوایک کو اپنی مین سی مناظری کی لئی اور سونپ دو امر مناظرہ کا اوسکو پس جماعت نے
لیا اونہون نی ایک آدمی کو اور کہا اونہون نی کہ یہہ شخص ہی پس کہا امام ابوحنیفہ نی اونکو کہ
یہہ بڑا عالم ہی تم مین سی کہا اونہون نی ہان پہر کہا امامنے کہ مناظرہ کرنا اسکے ساتہہ مانند مناظرہ کرنیکے
ہی تمہاری ساتہہ کہا اونہون نی ہان پہر کہا امامنے الزام دینا اسکو مانند الزام دینی تمہارکی ہی کہا
اونہونے ہان پہر کہا امام نی کیونکر ہو یہہ کہا اونہون نی کہ بلاشبہہ ہم راضی ہین پیشوا بنانی پر
پس قول اوسکا قول ہمارا ہی پس کہا امام نی کہ ہمنی جبکہ بنایا امام نماز مین تو ہوگی قرات اوسکی
قرات ہماری نماز مین پس اقرار کیا اونہونے ساتہہ الزام کی انتہی اور تیسری وجہ یہہ ہی
کہ کہا شیخ نے لمعات شرح مشکوٰۃ مین اجتمعت الامة علی انه یکره الجهر بالقراءة
وان لم یسمعه انتہی پس پڑہنا قرارت کا باآواز پیچھی امام کی باطل ہوا بالاجماع باقی رہا
پڑہنا مقتدی کا پیچھی امام کی بطور اخفا کی سو وہ باطل ہی ساتہہ حدیث من صلی خلف الامام

لطیفہ

بقراءة الامام له قراءة کی کیونکہ اگر پڑہی مقتدی تو لازم آوی تکرار قراءة سورة
فاتحہ کی اور اور سورتون کی بعینہ اور یہہ غیر مشروع ہی جیسا پڑہی منفرد یا امام سورة
فاتحہ کو دوبارا اور اور سورتون کو اسی طرح دوبار تو مکروہ ہی اور غیر مشروع ہر ایک کے نزدیک
بس واجب ہوا ترک کرنا قراءة کا پیچہی امام کی نماز مین خواہ جہری ہو یا سری ساتھہ ان حدیثون
صحیحہ کے اور قرآن کی اور اجماع کی اب سنو آثار صحابہ کی روایت ہی جابر بن عبد اللہ سے
کہ کہا اونہنے من صلی رکعة لم یقرء بام القرآن فلم یصل الا ان یکون
وراء الامام روایت کیا اسکو امام مالک اور امام محمد اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور طحاوی اور
ترمذی نی اور کہا ترمذی نی ہذا حدیث حسن صحیح اور روایت ہی عبید اللہ بن مقسم سی کہ کہا
جابر نی لا تقرأ خلف الامام روایت کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ نے اور یہہ حدیث صحیح ہی اور
روایت ہی عبید اللہ بن مقسم سے کہ سوال کیا مینی عبد اللہ بن عمر اور زید بن ثابت اور جابر بن
عبد اللہ سی پس کہا اونہون نی لا تقرأ خلف الامام فی شئ من الصلوات روایت کیا اسکو
طحاوی نی اور روایت ہی عطاء بن یسار سی انہ سال زید بن ثابت عن القراءة فقال
لا قراءة مع الامام فی شئ روایت کیا اسکو مسلم اور نسائی نے اور ابو بکر بن ابی شیبہ نے اور روایت
ہی عطاء بن یسار سی کہ کہا اونہون نی کہ سنا مینی زید بن ثابت سی کہ کہتی تہی لا تقرأ
خلف الامام فی شئ من الصلوات روایت کیا اسکو طحاوی نی اور روایت ہی سالم
سی کہا اونہنے کان ابن عمر لا یقرء خلف الامام روایت کیا اسکو امام محمد نے اور
روایت ہے نافع سی ان عبد اللہ بن عمر کان اذا سئل ہل یقرأ احد خلف الامام
یقول تحسبہ قراءة الامام و اذا صلی وحدہ فلیقرء قال کان عبد اللہ
بن عمر لا یقرء خلف الامام روایت کیا اسکو امام مالک اور امام محمد اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور

طحاوی وغیرہم نے اور روایت ہے ابراہیم نخعی سے ان عبد اللہ بن مسعود لم یقرأ خلف الامام لا فی الرکعتین الاولیین ولا فی غیرہما روایت کیا اسکو ابو حنیفہ نے اور روایت ہے علقمہ سے ان عبد اللہ بن مسعود کان لا یقرأ خلف الامام لا فیما یجہر فیہ ولا فیما یخافت فیہ لا فی الاولیین ولا فی الاخریین روایت کیا اسکو امام محمد نے موطا میں اور روایت ہے ابراہیم سے انہ لم یقرأ علقمۃ خلف الامام حرفا لا فیما یجہر فیہ ولا فیما لا یجہر فیہ ولا بام الکتاب ولا غیرہا ولا اصحاب عبد اللہ بن مسعود جمیعا روایت کیا اسکو ابو حنیفہ نے اور روایت ہے ابو جمرہ سے کہا اوسنے قلت لابن عباس اقرأ والامام بین یدی فقال لا روایت کیا اسکو طحاوی نے اور روایت ہے ابی درداء سے انہ قال اری ان الامام اذا ام القوم فقد کفاہم روایت کیا اسکو طحاوی اور نسائی نے اور روایت ہے علی بن ابی طالب سے انہ قال من قرأ خلف الامام فلیس علی الفطرۃ روایت کیا اسکو طحاوی نے اور روایت ہے علی بن ابی طالب سے انہ قال من قرأ خلف الامام فقد اخطأ الفطرۃ روایت کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ نے اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے انہ قال وددت ان الذی یقرأ خلف الامام فی فیہ جمرۃ روایت کیا اسکو امام محمد اور ابو بکر بن ابی شیبہ اور عبد الرزاق نے اور روایت ہے علقمہ سے کہ کہا عبد اللہ بن مسعود نے لیت الذی یقرأ خلف الامام ملئ فوہ ترابا روایت کیا اسکو طحاوی نے اور روایت ہے ابراہیم نخعی سے کہ کہا علقمہ نے لان اعض علی جمرۃ احب الی من ان اقرأ خلف الامام روایت کیا اسکو امام محمد نے اور مثل اسکے روایت کی گئی ہے اسود سے روایت کیا اوسکو ابو بکر بن ابی شیبہ نے اور روایت ہے محمد بن عجلان سے

ان عمر ابن الخطاب قال فی فم الذی یقرء خلف الامام جمرا روایت
کیا اسکو امام محمد نے اور روایت ہی زید بن ثابت سی قال من قرء خلف الامام فلا
صلوٰۃ له روایت کیا اسکو امام محمد اور ابوبکر بن ابی شیبہ نے اور روایت ہی لک بن
عمارہ سی انه قال لا ادری کم رجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم
کلهم یقولون لا یقرء خلف الامام روایت کیا اسکو ابوبکر بن ابی شیبہ نے اور
روایت ہی شعبی سی انه قال ادرکت سبعین بدریا کلهم علی انه لا یقرء
خلف الامام ذکر کیا اسکو کرمانی نی اور روایت ہی ابراہیم نخعی سے انه قال
اول من قرء خلف الامام رجل اتهم روایت کیا اسکو امام محمد نی اور روایت
ہی ابراہیم نخعی سی انه قال الذی یقرء خلف الامام فماسبق روایت کیا اسکو
ابوبکر بن ابی شیبہ نی کہ وہ استاد ہی بخاری ومسلم کا ساتھ سند صحیح کی پس یہہ حدیث
صحیح دلالت کرتی ہی اوپر دعوی اجماع صحابہ کے عدم قراءت پر اور کہا امام سرخسی نے
اجمع الصحابۃ علی منع القراءۃ خلف الامام انتہی کہا یہہ شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر
مین اور کہا صاحب ہدایہ نی ہدایہ مین وعلیہ اجماع الصحابۃ انتہے اور یہی ہی مذہب امام
ابوحنیفہ اور امام ابویوسف اور امام محمد اور حماد اور اسود اور علقمہ اور عمر بن میمون اور سعید
بن المسیب اور ابراہیم نخعی اور سفیان ثوری اور عامر شعبی اور سوائے انکے واللہ اعلم بالصواب

مسئلہ بارھوان اسباب مین ہی کہ آمین کو بجہر کہنا چاہئے یا باخفا

شبہ کرتی ہین بعضے لوگ بانظر رکہ روایت ہی سفیان سی اور وہ
سلمہ بن کہیل سی اور وہ حجر بن عنبس سے وہ وائل بن حجر سی کہ کہا اونے سمعت النبی صلی اللہ
علیہ وسلم قرء غیر المغضوب علیهم ولا الضالین وقال آمین ومد بها صوته

روایت کیا اسکو ترمذی نی اور کہا حدیث وائل بن حجر کی حسن ہی اور روایت ہی
وائل بن حجر سی کہ کہا اونسے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قرء ولا
الضالین قال آمین ورفع بہا صوتہ روایت کیا اسکو ابو داود نی ساتھ اوسی اسناد
مذکور کی اور روایت ہی وائل بن حجر سی انہ صلی خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجہر
بآمین روایت کیا اسکو ابو داود نی ساتھ اوسی اسناد مذکور کے اور روایت ہے عبد الجبار بن وائل
بن حجر سی وہ اپنی باپ سے روایت کرتی ہین کہ کہا اونہوں نے صلیت خلف رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فلما قرأ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین
قال آمین فسمعنہ روایت کیا اسکو نسائی نی اور روایت ہی عبد الجبار بن وائل بن
حجر سی کہ وہ روایت کرتا ہی اپنی باپ سی کہ کہا اوسنے صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ
وسلم فلما قال ولا الضالین قال آمین فسمعناہا منہ روایت کیا اسکو
ابن ماجہ نی اور روایت ہی بشیر بن رافع سی وہ روایت کرتا ہی عبد اللہ سی کہ وہ چچیری
بہائی ہین ابی ہریرہ کے وہ روایت کرتی ہین ابی ہریرہ سے کہ کہا اونہوں نے ترک الناس التامین
وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قال غیر المغضوب علیہم ولا الضالین
قال آمین حتی سمعہا اہل الصف الاول فیرتج بہا المسجد روایت کیا اسکو
ابن ماجہ نی یہہ حدیثین دلالت کرتین ہین جہر آمین پر اور یہی مذہب ہے امام شافعی کا
قول قدیم مین اور احمد اور اسحق وغیرہما کا اور ہم نہین جانتی کہ امام اعظم نی اخفاء آمین
کونسی حدیث سے نکالا ہے تو جواب اس شبہہ کا یہہ ہی کہ کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے حدثنا
وکیع قال حدثنا سفیان عن سلمۃ بن کہیل عن حجر بن عنبس عن وائل بن
حجر قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قرء ولا الضالین قال آمین خفض بہا

صوتہ پس یہ حدیث صحیح ہی اور بشرط شیخین کی اور روایت ہی شعبہ سی وہ روایت
کرتی ہین سلمہ بن کہیل سی اور وہ حجر ابی العنبس سے اور وہ علقمہ بن وائل سی وہ اپنے
باپ سی انہ صلی مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فلما بلغ غیر المغضوب علیہم
ولا الضالین قال آمین واخفی بہا صوتہ روایت کیا اسکو احمد بن حنبل اور
ابوداؤد طیالسی اور ابو یعلی نے مسانید اپنی مین اور طبرانی نے معجم مین اور دارقطنی نے
سنن اپنی مین اور حاکم نے مستدرک مین اور کہا حاکم نے ہذا حدیث صحیح ولم یخرجاہ
کہا عینی نے شرح بخاری مین اور کمال الدین نے فتح القدیر مین یعنی یہہ حدیث صحیح ہی
بشرط شیخین کے اور ابی العنبس کنیت ہی حجر بن عنبس کی جیسا نقل کیا اسکو عینی نے اہل حدیث
سی اور ہونا کنیت کا اوسکی لئی ابو السکین یہہ بھی صحیح ہی اسلئی کہ ایک آدمی کی لئی
کنیتین کئی ہوتی ہین جیسا کہ بیان کیا گیا اصول حدیث مین اور کہا ابو بکر بن ابی شیبہ
حدثنا ابو بکر قال حدثنا ہشیم عن مغیرۃ عن ابراہیم عن علقمہ عن عبد اللہ
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا کبر سکت ہنیۃ واذا قال
ولا الضالین سکت ہنیۃ واذا نہض فی الرکعۃ الثالثۃ لم یسکت
وقال الحمد للہ رب العالمین اور کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے اس باب مین سمرہ
بن جندب اور عمران بن حصین وابی بن کعب سے روایت ہی انتہی یہہ حدیث
صحیح الاسناد ہی اور روایت ہی قتادہ سی وہ روایت کرتی ہین حسن بصری سی وہ سمرہ
بن جندب سے کہا اونہوں نے سکتتان حفظتہما عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فانکر ذلک عمران بن حصین فکتبنا الی ابی بن کعب بالمدینۃ فکتب ان سمرۃ
بن جندب قد حفظ فقلنا لقتادۃ ما ہاتان السکتتان قال اذا دخل فی صلوتہ

واذا فرغ من القراءة ثم قال بعد اذا قرا غير المغضوب عليهم و لا الضالين
روایت کیا اسکو ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور روایت ہی حسن بصری
سے ان سمرة بن جندب و عمران بن حصین تذاكرا فحدث سمرة بن
جندب انه حفظ عن رسول الله صلى الله عليه وسلم سكتتين سكتة
اذا كبر و سكتة اذا فرغ من قراءة غير المغضوب عليهم ولا الضالين حفظ
ذلك سمرة وانكر عليه عمران بن حصين فكتبا الى ابي بن كعب فكان
فی كتابه اليهما ان سمرة قد حفظ روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور کہا
طیبی نے والاظهر ان السكتة الاولى للثناء والسكتة الثانية للتامين
طیبی باوجودیکہ شافعی ہی اقرار کیا اونے جو کہ معنے ظاہر حدیث کی تہی انکار کیا
اوس ہی انصاف کی نفی اور روایت ہی ابی وائل سے کہ کہا اونے کہ نہ تھے عمر و علی جہر کرتے
ببسم الله ولا بالتامين روایت کیا اسکو طبرانی نے تہذیب الآثار میں روایت ہے
ابی وائل سے کہا اونے کان عمر و علی رضی الله عنهما لا يجهران بالبسملة ولا بالتعوذ
ولا بالتامين روایت کیا اسکو ابو جریر اور ابن شاہین نے ذکر کیا اسکو سیوطی شافعی نے جمع
الجوامع میں اور فرمایا اللہ تعالی نے ادعوا ربكم تضرعا و خفية اور آمین دعا ہی پس
یہہ حدیثین اور آثار اور آیت کریمہ دلالت کرتی ہین اوپر اخفا آمین کے اور یہی مذہب ہے ابو حنیفہ
اور ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کا اور یہی ایک قول ہی امام مالک کا دو قولون میں سے اور یہی
قول جدید ہی امام شافعی کا جیسا تصریح کی امام نووی نے کہا یہہ عینی نے شرح بخاری میں اور یہی قول
ہی تابعین میں سے مانند حماد اور ابراہیم اور علقمہ اور اسود اور سوا اونکی کا اور صحابہ میں سے مانند عمر اور
علی اور عبد اللہ بن مسعود اور سوا اونکی کا جیسا دلالت کرتا ہی اسپر قول ابو ہریرہ کا ترك الناس التامين الحديث

روایت کیا اسکو ابن ماجہ نی ظاہر یہہ ہی کہ ابو ہریرہ کے زمانہ مین نہ تہی لوگ مگر صحابہ و تابعین
پس یہہ حدیث اگر صحیح ہو جیسا کہ سمجہا جاتا ہی حاکم کی قول سی کہ کہا اونسے یہہ حدیث اوپر شرط
شیخین کی ہی تو ثابت ہوا مذہب ان لوگونکا کہ وہ صحابہ اور تابعین ہین پس ترک کرنا ان صحابہ و تابعین
کا دلالت ہی اوپر نسخ جہر آمین کی اور دلیل اونکی ہین یہہ حدیثین اور آیۃ شریفہ کہ اوپر ذکر ہوئین اور
اگر ہو حدیث ابو ہریرہ کے ضعیف جیسا کہ دلالت کرتی ہی اسپر اسناد اس حدیث کی ہی کیونکہ یہہ
حدیث روایت کی گئی ہی بشیر بن رافع سی وہ روایت کرتا ہی ابو عبد اللہ چچیری بہائی ابی ہریرہ کے سی
سو بشیر بن رافع ضعیف الحدیث ہی اور ابو عبد اللہ شخص مجہول ہی تو ساقط ہو جاویگی سند پکڑنی
اور عمل کرنی اوسپر نہ رہیگی کوئی حدیث جہر آمین مین مگر حدیث وایل بن حجر کی سو جواب
اوسکا مختصر اس جگہہ قطع نظر کر کر اور جرحون سی یہہ ہی کہ یہہ حدیث وایل کے جس مین ذکر جہر کا ہے
معارض ہی ساتہ اوس حدیث وایل بن حجر کی کہ اوس مین ذکر اخفا اور خفض کا ہی پس ساقط ہو جاوینگی
یہہ حدیثین اور باقی رہینگے ہمارے لئے حدیثین سکتی کی اور آثار اور آیۃ شریفہ اور یہہ کہنا ہمارا بہی بعد تسلیم
کی ہی ورگرنہ وہ حدیث وایل بن حجر کی کہ اوس مین ذکر جہر کا ہی مرتبہ صحت کو نہین پہنچتی ہی غایت یہہ ہے
کہ وہ حسن ہو سو بہی روایت مدکی ہی نہ روایت جہر کی اور حدیث وایل بن حجر کی کہ اوسمین ذکر اخفا
کا ہی وہ صحیح ہی اوپر شرط شیخین کی جیسا اوپر گذرا پس اس صورت مین حدیث ابی ہریرہ کے کہ اوسمین ذکر جہر
مان چکی کہ وہ ضعیف ہی اور حدیث وایل کی کہ اوس مین ذکر جہر اور مد کا ہی نہین پہنچی
مرتبہ صحت کو کہ معارض ہو اوس حدیث وایل بن حجر کیکو کہ اوس مین ذکر اخفا کا ہے پس اس صورت مین
ساقط ہو گئین سب حدیثین جہر کی اور باقی وسالم رہین ہمارے لئے حدیثین اخفا اور حدیثین سکتے کی اور
آثار اور آیۃ شریفہ واللہ اعلم بالصواب **مسئلہ تیرہوان بیچ بیان رکہنی ہاتہہ کے سینہ پر
یا ناف کے نیچے** شبہ کرتی ہین بعضی لوگ باین طور کہ روایت ہی وایل بن حجر سی

کہا اوسنے صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و وضع یدہ الیمنی
علی یدہ الیسری علی صدرہ روایت کیا اسکو ابن خزیمہ نی صحیح اپنی مین پس یہہ حدیث
دلالت کرتی ہی اسپر کہ باندہی جاوین ہاتہہ نماز مین سینہ پر اور یہی ہی مذہب شافعی کا
اور ہم نہین جانتی کہ امام اعظم نی کہا انسی نکالا ہی تہونکا باندہنا نیچی ناف کے سو جواب
اس شبہہ کا یہہ ہی کہ روایت ہی ابو حازم سی کہ کہا سہل بن سعدنے کان الناس یؤمرون
ان یضع یدہ الیمنی علی ذراعہ فی الصلوة قال ابو حازم لا اعلمہ الا
ینمی ذلک الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا اسکو بخاری اور امام محمدنے
اور روایت ہی ہلب سی کہ کہا اوسنے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یؤمنا
فیاخذ شمالہ بیمینہ روایت کیا اسکو ترمذی وغیرہ نی اور کہا ترمذی نے وفی الباب
عن وائل بن حجر وعطیف بن الحارث وابن عباس و ابن مسعود انتہی پس یہہ حدیث
دلالت کرتی ہی اوپر ہاتہہ باندہنی کی نماز مین اور یہی مذہب ہی جمہور اہل علم کا کہا ترمذی نے
والعمل علی ھذا عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم و
التابعین ومن بعدھم یرون ان یضع الرجل یمینہ علی شمالہ فی الصلوة
ورای بعضھم ان یضع فوق السرة ورای بعضھم تحت السرة وکل ذلک
واسع عندھم انتہی بخلاف بعض کی کہ ان مین سی لیث بن سعد اور ابن سیرین اور سعید بن
المسیب کے یہہ سب تابعین مین مذہب انکا ارسال ہی اور یہی مذہب ہے امام مالک کا جو مشہور ہے اونسے
اور اسی ارسال پر ہی جمہور اتباع اونکی جیسا تصریح کیا ہی اسکو نووی نے شرح مسلم مین پر جمہور اہل علم کے
جو قایل مین باندہنی ہاتہون کی مختلف ہوئی مین اس مین کہ باندہنا ہاتہونکا نیچی ناف کے ہو
یا اوپر ناف کے پس مذہب بعض جمہور کا یہہ ہی کہ باندہی اوپر ناف کے اور یہی مذہب مشہور ہی شافعیونکا

جیسا کہ تصریح کی ہی اسکی امام نووی نی شرح مسلم مین اور یہی ایک روایت ہی امام احمد سی اور امام
مالک سے اور مذہب بعض جمہور کا یہہ ہی کہ باندھین ہاتھہ نیچی ناف کی اور یہی مذہب ہے حنفیوں کا
اور یہی مذہب ہے سفیان ثوری اور اسحاق راہویہ وغیرہ کا انکی کا اور یہی ایک روایت ہے امام احمد سے
اور یہی مذہب ہے ابو اسحاق مروزی کا کہ اصحاب شافعیون مین سے ہے جیسکہ تصریح کی ہی نووی نی
کہا مسلم نے صحیح اپنی مین **حدثنا** زهیر بن حرب قال اخبرنا عفان قال اخبرنا همام قال اخبرنا
محمد بن جحادة قال حدثنی عبد الجبار عن علقمة بن وائل و مولی لهم انهما
حدثاه عن ابیه وائل بن حجر انه رای النبی صلی الله علیه وسلم رفع یدیه
حین دخل فی الصلوة وکبر وصف همام حیال اذنیه ثم التحف بثوبه
ووضع یده الیمنی علی الیسری الحدیث پس حدیثا ور حدیث بخاری و مسلم کے
مجمل بیان کا حدیث اسنده مین ہی کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نی حدثنا وکیع عن موسی بن
عمیر عن علقمة بن وائل بن حجر عن ابیه قال رایت النبی صلی الله علیه وسلم
وضع یمینه علی شماله فی الصلوة تحت السرة یہہ حدیث صحیح ہی اور بر شرط
مسلم کی اور روایت ہی ابی جحیفہ سے کہ کہا حضرت علی نے من سنة الصلوة وضع الایدی
تحت السرة اور ایک روایت مین ہے من سنة وضع الاکف علی الاکف تحت
السرة روایت کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ اور ابو داؤد اور دارقطنے اور بیہقی نے
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے انہ قال وضع الاکف علی الاکف تحت السرة روایت کیا
اسکو ابو داؤد نی اور روایت ہی حجاج بن حسان سی کہ کہا اونسے سألت ابا مجلز کیف یضع
قال یضع باطن کف یمینه علی ظاهر کف شماله و یجعلها تحت السرة روایت
کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ نے پس یہہ حدیث صحیح اور آثار بیان مین حدیثون مجمل کے کہ ایک

مذکور ہین پس ان حدیثون نی دلالت کی اسپر کہ رکہنا ہاتہہ کا نیچی ناف کی چاہیے
جیسا کہ مذہب حنفیون کا ہی پس جواب صدر کی حدیث کا یہہ ہے کہ نہین کیا ہی کوئی
اوسکی سوای امام شافعی کی نہ پہلی اونکی اور نہ بعد اونکی پس ہو گئے حدیث صدر کے
معلول اور مجروح ساتہہ اجماع امت کے پس ضلالت رہی گی اسکی کہ معارضہ کری وکیع کی حدیث کا
اور اگر تسلیم کرین ہم یہہ معارضہ تو ساقط ہو جائین گی یہہ دونو حدیثین اور باقی رہین گے
ہماری لئی آثار اور یہہ حدیث کہ روایت کی گئی ہی سہل بن سعد سے باینطور کہ کہا امام محمد نے
موطا مین اخبرنا مالک بن انس قال اخبرنی ابو حازم عن سهل بن سعد
الساعدی قال کان الناس یومرون ان یضع احدهو یده الیمنی علی ذراعه
الیسری فی الصلوة قال ابو حازم ولا اعلم الا انه ینمی ذلک قال محمد
فینبغی للمصلی اذا قام فی صلوته ان یضع باطن کفه الیمنی علی رسغه
الایسر تحت السرة وهو قول ابیحنیفة انتهی پس امام محمد نے پہلی روایت
کیا اس حدیث کو پہر بیان کیا ہاتہہ کے رکہنے کے کیفیت کو ظاہر یہہ ہی کہ یہہ بیان
نہین ہی مگر بعد اوسکے کہ دیکہا لوگون کو کرتی ہوئی ایسا حاصل کلام کا یہہ ہی کہ عمل کرنا صدر
کی حدیث پر مخالف ہے اجماع امت کے کہ جو پہلی امام شافعی کی ہین اور جو بعد اونکے ہین اسلئی کہ
جو شافعیہ ہین وہ بہی اسپر عمل نہین کرتی اور ایسی ہی حنبلیہ اور مالکیہ اور حنفیہ اور حدیث
ارسال کی انحضرت سی ثابت نہین ہوئی اور ایسی ہی حدیث رکہنی ہاتہون کے اوپر ناف کے
اور نیچی سینہ کے مگر اثر صحابی کی سو وہ مقابلہ حدیث کے غیر مقبول ہی پس نہ کوئی مذہب ٹہیک مگر
حنفیونکا مسئلہ چودہوان اسباب مین کہ وتر تین رکعت ہی یا ایک رکعت
بہی جائز ہی شبہہ کرتی ہین بعضی لوگ باین طور کہ روایت ہی ابی ایوب سے

کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نی الوتر حق علی کل مسلم فمن احب ان یوتر بخمس فلیفعل ومن احب ان یوتر بثلث فلیفعل ومن احب ان یوتر بواحدۃ فلیفعل روایت کیا اسکو ابو داؤد اور ابن ماجہ اور نسائی اور طحاوی اور ترمذی نی اور روایت ہی عائشہ رضی اللہ عنہا سے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلے باللیل احدی عشرۃ رکعۃ یوتر منہا بواحدۃ روایت کیا اسکو مسلم وغیرہ نی اور روایت ہی ابن عمر سے کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ان صلوۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خشی احدکم الصبح صلی واحدۃ توتر لہ ما قد صلی روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم اور طحاوی وغیرہم نی لیس یہہ حدیثیں دلالت کرتی ہین اسپر کہ وتر ایک رکعت بہی ہے اور یہی مذہب ہے بعضے اہل علم کا اون مین سی امام شافعی اور احمد بن حنبل ہین لیکن افضل اونکی نزدیک تین رکعتین ہین کہا ترمذی نی حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح وذہب بعض اہل العلم الی ان یجوزوا الایتان بالرکعۃ الواحدۃ انتہی اور ہم نہین جانتی کہ امام اعظم کونسی حدیث سی کہتی ہین کہ وتر کی تین رکعتین ہین ایک سوجواب اس شبہ کا یہہ ہی کہ روایت ہی عبد اللہ بن ابی قیس سی کہا اونسے سالت عائشۃ بکم کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر قالت کان یوتر باربع وثلث وست وثلث وثمان وثلث وعشر وثلث ولم یکن یوتر بانقص من سبع ولا باکثر من ثلث عشر روایت کیا اسکو طحاوی اور ابو داؤد نی لیس یہہ حدیث عائشہ دلالت کرتی ہی اوپر قاعدہ اور ضابطہ کلیہ کے بایںطور کہ تہی نماز آنحضرت کے رات مین کم ستا رکعت سی اور نہ زیادہ تیراں رکعت سی اور دلالت کرتی ہی اسپر کہ تہی وتر تین رکعت نہ کم نہ زیادہ اس سی جیسا اگی آویگا بیان اسکا اور روایت ہے ابی سلمہ سی انہ سال عائشۃ کیف کانت

صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی رمضان فقالت ما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعۃ یصلی اربعا
فلا تسال عن حسنہن وطولہن ثم یصلی اربعا فلا تسال عن حسنہن
وطولہن ثم یصلی ثلثا الحدیث روایت کیا اسکو امام مالک اور امام محمد اور مسلم اور بخاری
اور طحاوی اور نسائی اور ترمذی اور ابو داؤد نے اور مراد گیارہ رکعتوں سے سوا دو رکعت
خفیفہ کے ہیں جیسا دلالت کرتی ہی اسپر حدیث سعید بن ہشام کی کہ کہا کہا عائشہ رضی اللہ عنہا
نے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام من اللیل افتتح صلوتہ رکعتین
خفیفتین ثم صلی ثمان رکعات ثم اوتر روایت کیا اسکو طحاوی نے پس یہ حدیث
حضرت عائشہ کی تفسیر ہے یعنی حدیث پہلی کی ہی اور دلالت کیا اسپر کہ انحضرت کے وتر کی تین
رکعت تہین اور روایت ہی ابی سلمہ سے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یوتر بثلث
من اخر اللیل روایت کیا اسکو ابو بکر بن ابی شیبہ نے اور روایت ہی عائشہ سے کہ کہا کان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوتر بثلث لا یسلم الا فی اخرہن روایت
کیا اسکو حاکم نے مستدرک میں اور کہا یہ حدیث اوپر شرط شیخین کی ہی اور روایت ہی عبد العزیز
سے کہ کہا سئلنا عائشۃ بای شئ یوتر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
قالت کان یقرء فی الاولی بسبح اسم ربک الاعلی وفی الثانیۃ بقل
یا ایہا الکافرون وفی الثالثۃ بقل ہو اللہ احد والمعوذتین روایت کیا
اسکو ترمذی اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور ابو حنیفہ نے ساتھہ سند صحیح کے اور روایت ہے عائشہ
سے کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یسلم فی رکعتی الوتر روایت
کیا اسکو طحاوی اور نسائی اور ابو بکر بن ابی شیبہ نے پس یہ حدیثیں ساتھہ دونوں صفا بطون مذکورہ کے

ملکر دلالت کرتی ہین اسپر کہ نماز انحضرت کی رات مین نہ کم تہی سات رکعت سے اور نہ زیادہ
تہی تیرہ رکعتون سی اور وتر انحضرت کے تین رکعت تہی نہ کم نہ زیادہ پس وہ حدیثین کہ روایت
کی گئین ہین حضرت عائشہ سی کہ وہم دلاتی ہین ایک رکعت کا کہ محمول ہین اسپر کہ یہہ ضبط کلی بعد
نسخ ہونی ایککے ہی بلکہ یہہ ضابطہ خود دلالت کرتا ہی ایکی نسخ پر یعنی کہ یہہ ضابطہ نہین
مستقیم ہوسکتا بغیر ایسکے اور روایت ہے شعبے سے انہ سال بن عباس وابن عمر عن
صلوۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باللیل فقالا ثلث عشرۃ رکعۃ منہا
ثمان ویوتر بثلث و رکعتین بعد الفجر روایت کیا اسکو ابن ماجہ اور طحاوی نے
اور روایت ہی ابن عباس سی کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرا فی الوتر
بسبح اسم ربک الاعلی الذی وقل یایہا الکافرون وقل ہو اللہ احد فی رکعۃ
رکعۃ روایت کیا اسکو ترمذی نی اور کہا ترمذی وفی الباب عن علی وعایشۃ
وابی بن کعب انتہی اور روایت ہی ابن عباس سی کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یوتر بثلث رکعات یقرا فی الاولی بسبح اسم ربک الاعلی وفی الثانیۃ بقل
یایہا الکافرون وفی الثالثۃ بقل ہو اللہ احد روایت کیا اسکو ابو حنیفہ
اور ابو بکر بن ابی شیبہ نے اور نسائی اور طحاوی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابن عمر سے ان النبی
صلی اللہ علیہ وسلم کان یوتر بثلث رکعات ویجعل القنوت قبل
الرکوع روایت کیا اسکو طبرانی نی اوسط مین اور روایت ہی عمران بن حصین سے
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقرا فی الوتر فی الرکعۃ الاولی
سبح اسم ربک الاعلی وفی الثانیۃ قل یایہا الکافرون وفی الرکعۃ الثالثۃ
قل ہو اللہ احد روایت کیا اسکو طحاوی نی اور روایت ہی ابی بن کعب سے

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یوتر بثلث رکعات یقرأ فی
الاولی بسبح اسم ربک الاعلی وفی الثانیة بقل یا یہا الکافرون وفی
الثالثة بقل ہو اللہ احد روایت کیا اسکو نسائی نی سنن مین اور روایت
ہی علی ابن ابی طالب سے ان صلوٰة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلث عشر رکعات
منہن ثلث رکعات الوتر و رکعتی الفجر روایت کیا اسکو ابو حنیفہ وغیرہ نے
اور روایت ہی عبد اللہ بن مسعود سے ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یوتر بثلث
رکعات روایت کیا اسکو ابو حنیفہ نے اور روایت ہی عبد اللہ بن مسعود سی کہ کہا الوتر ثلث
کثلث رکعات المغرب روایت کیا اسکو امام محمد اور طحاوی نی اور روایت ہی عبد اللہ
بن عباس سی کہ کہا الوتر ثلث کصلوٰة المغرب روایت کیا اسکو امام محمد نی اور روایت ہے
انس بن مالک سے کہ کہا الوتر ثلث رکعات وکان یوتر بثلث رکعات روایت
کیا اسکو طحاوی نی اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ کہا الوتر ثلث کوتر النہار صلوٰة
المغرب روایت کیا اسکو طحاوی نی اور روایت ہی ابی خلدہ سی کہ کہا اونہون نے
سألت ابا العالیة عن الوتر فقال علمنا اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم
ان الوتر مثل صلوٰة المغرب غیر انا نقرأ فی الثالثة ہذا وتر اللیل وہذا
وتر النہار روایت کیا اسکو طحاوی نے اور کہا بخاری نی اپنی صحیح مین قال القاسم رأیت
ناسا منذ ادرکت یوترون بثلث انتہی کلام البخاری اور روایت ہی ابی زناد سے
کہ کہا اثبت عمر بن عبد العزیز الوتر بالمدینة بقول الفقہاء ثلث لا
یسلم الا فی اخرہن روایت کیا اسکو طحاوی نی اور کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے حدثنا
ابن نمیر عن عبد الملک عن عطاء قال ادرکت الناس وہو یصلون ثلث وعشرین رکعة

باوتر اور کہا ابو بکر بن ابی شیبہ نے حدثنا حفص قال حدثنا عمرو عن الحسن
البصری قال اجتمع المسلمون علی ان الوتر ثلث لا یسلم الا فی اخرھن
اور روایت ہی عبد اللہ بن مسعود سے کہ کہا ما اجزأت رکعۃ واحدۃ قط روایت کیا اسکو
امام محمد نی موطا مین اور یہہ اثر حکم رفع مین ہی کیونکہ جو قول صحابی کا اس قبیل سی ہو کہ نہین
مجال اجتہاد کی ہو تو وہ بحکم رفع کے ہوتا ہی جیسا کہ بیان کیا گیا ہی اصول حدیث مین
اور یہہ بات ظاہر ہی کہ عبد اللہ بن مسعود اپنی طرف سی نہین کہہ سکتا ہی لیکن ہہہ حدیثین اور
اثار اور یہہ اجماع دلالت کرتا ہی اسپر کہ وتر کی تین رکعتین ہین اور ایک رکعت منسوخ ہوئی
اور دلیل اسپر حدیث ابن عمر کی ہی کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ان صلوۃ
اللیل مثنی مثنی فاذا خشی احدکم الصبح صلی واحدۃ توتر ما قد صلی
روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم اور ترمذی اور طحاوی وغیرہم نی لیکن یہہ حدیث صحیح صریح
دلالت کرتی ہی اسپر کہ صلوۃ لیل کی نہین ہی کم دو رکعت سی اور صلوۃ وتر کے صلوۃ لیلیہ
ہی بالاجماع اور ساتھہ صریح دلالت اسی حدیث کی پس نہو گی صلوۃ وتر کی کم دو
رکعتون سی پس ہوئی صلوۃ لیل کی ایک رکعت منسوخ ساتھہ اس حدیث کی اور تائید کرتی
اس نسخ کو حدیث ابی سعید خدری کے کہ کہا اوسنے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نھی عن البتیراء ان یصلی الرجل واحدۃ یوتر بہا ذکر کیا اسکو برہان شرح
مواہب الرحمن مین اور اسی پر دلالت کرتا ہی اجماع مسلمین سی اور اثار صحابہ کے بھی اور
حدیث ابی ایوب کے اوپر مذکور ہوئی ہی غیر معمول ہی بالاجماع کیونکہ وہ حدیث
دلالت کرتی ہی تخییر پر سو یہہ بالاجماع منسوخ ہی باقی رہا جواز سو وہ بھی اسیطرح
ان دلیلون مذکورہ سی منسوخ ہوا پس ثابت ہوا ان دلیلون مذکورہ سے کہ وتر تین رکعت ہین

نہ کم نہ زیادہ اور یہی مذہب ہی امام مالک اور ابو حنیفہ کا اور اصحاب ذنکی کا باقی رہی یہہ بات
کہ ایک سلام چاہئی وتر مین یا دو سلام روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا کان رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم لا یسلم فی رکعتی الوتر روایت کیے یہہ نسائی اور طحاوی نے
اور ابن ابی شیبہ نے اور روایت ہی عائشہ سے کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یوتر بثلث لا یسلم الا فی اخرھن کہا حاکم نے یہہ حدیث او بر شرط شیخین کے ہے
اور روایت ہے ابی بن کعب سے کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یقراء فی الوتر فی الرکعۃ الاولی سبح اسم ربک الاعلی وفی الثانیۃ
بقل یایھا الکافرون وفی الرکعۃ الثالثۃ قل ھو اللہ احد و لا یسلم
الا فی اخرھن روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابو سعید خدری سے کہا فرمایا
رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لا فصل فی الوتر روایت کیا اسکو ابو حنیفہ نے ایس
یہہ حدیثین دلالت کرتی ہین اسپر کہ انحضرت نہین سلام پہیرتی تہی مگر اخیر رکعت مین اور
فصل کرنا وتر مین ساتہ سلام کی منسوخ ہی اور اسپر ہے دعوی اجماع کا روایت ہے
ابی خلدہ سے کہ کہا سألت ابا العالیۃ عن الوتر فقال علمنا اصحاب محمد
صلی اللہ علیہ وسلم ان الوتر ثلث رکعات مثل صلوۃ المغرب
غیر انا نقرء فی الثالثۃ ھذا وتر اللیل وھذا وتر النھار روایت کیا
اسکو طحاوی نے اور روایت ہی ابی الزناد سے کہ کہا اوثبت عمر بن عبد العزیز
الوتر بالمدینۃ بقول الفقھاء ثلثا لا یسلم الا فی اخرھن روایت کیا
اسکو طحاوی نے اور روایت ہے حسن بصری سے کہ کہا اجتمع المسلمون علی
ان الوتر ثلث لا یسلم الا فی اخرھن اور یہی مذہب ہے حنفیون رحمہم اللہ کا

نہ کم نہ زیادہ اور یہی مذہب ہی امام مالک اور ابو حنیفہ کا اور اصحاب ونکی کا باقی رہی یہہ بات
کہ ایک سلام چاہئی وتر مین یا دو سلام روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا کان رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم لا یسلم فی رکعتی الوتر روایت کی یہہ نسائی اور طحاوی نے
اور ابن ابی شیبہ نے اور روایت ہی عائشہ سے کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یوتر بثلث لا یسلم الا فی اخرھن کہا حاکم نے یہہ حدیث اوپر شرط شیخین کے ہے
اور روایت ہے ابی بن کعب سے کہ کہا کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یقرا فی الوتر فی الرکعة الاولی سبح اسم ربک الاعلی وفی الثانیة
بقل یایہا الکافرون وفی الرکعة الثالثة قل ھو اللہ احد و لا یسلم
الا فی اخرھن روایت کیا اسکو نسائی نے اور روایت ہے ابو سعید خدری سے کہا فرمایا
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے لا فصل فی الوتر روایت کیا اسکو ابو حنیفہ نے پس
یہہ حدیثین دلالت کرتی ہین اسپر کہ انحضرت نہین سلام پھیرتی تہی مگر اخیر رکعت مین اور
فصل کرنا وتر مین ساتھہ سلام کی منسوخ ہی اور اسپر ہے دعوی اجماع کا روایت ہے
ابی خلدہ سے کہ کہا سألت ابا العالیة عن الوتر فقال علمنا اصحاب محمد
صلی اللہ علیہ وسلم ان الوتر ثلث رکعات مثل صلوة المغرب
غیر انا نقرا فی الثالثة ھذا وتر اللیل وھذا وتر النہار روایت کیا
اسکو طحاوی نے اور روایت ہی ابی الزناد سے کہ کہا اوسنے اثبت عمر بن عبد العزیز
الوتر بالمدینة بقول الفقہاء ثلثا لا یسلم الا فی اخرھن روایت کیا
اسکو طحاوی نے اور روایت ہے حسن بصری سے کہ کہا اجتمع المسلمون علی
ان الوتر ثلث لا یسلم الا فی اخرھن اور یہی مذہب ہے حنفیون رحمہم اللہ کا

تنبیہ یہہ چند مسایل خلافیہ لکھی گئی ہین اور مسایل کو بہی اِنہین پر قیاس کرنا چاہیے کہ ہر مسئلہ کا یہہ ماخذ رکھتے ہین اگرچہ جاہل کو انپر اطلاع ہو اور اطلاع اونکے سب ماخذون پر کیونکر ہو سکی کہ نہ کتابین اونکی مذہب کی ماخذون کی یہان ہین اور نہ علم اور فہم ہمارا اولیا کہ اونکی ماخذون تک پہونچین چنانچہ مولوی محمد اسمٰعیل صاحب در رسالہ امامت در تنبیہ ثانی نوشتہ اند پس مشابہ بانبیا در علم احکام یا مجتہدین مقبولین ہستند یا ملہمین محفوظین پس مشابہ بانبیا در فن مجتہدین مقبولین اند پس ایشان را از ائمہ فن باید شمرد مثل ائمہ اربعہ ہرچند مجتہدین بسیار از بسیار گذشتہ اند فاما مقبول درمیان جمہور امت ہمین چند اشخاص اند پس گویا مشابہت تامہ درین فن نصیب ایشان گردیدہ بناءً علیہ درمیان جماہیر اہل اسلام از خواص و عوام ملقب بامام معروف گشتہ + یا اللہ سبکو راہ حق دکہا اور طریق باطل سے بچا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَوَّلًا وَّ اٰخِرًا ظَاہِرًا وَّبَاطِنًا وَصَلَّی اللّٰہُ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَ
بَارَکَ وَ سَلَّمَ اَبَدًا اَبَدًا

فقط

خاتمہ

بعد اسکے بخدمت بھائے مسلمانون کے یہہ التماس ہے کہ ایک شخص صدیقی النسب حنفی المذہب سمے محمد شاہ وقت ابتداء تصنیف اس رسالہ کے سے انتہا رچھپنے تک بیچ خدمت حافظ الملۃ والدین مولانا محمد قطب الدین ادام اللہ فیضہ کے حاضر رہا اور سعی اور کوشش مین کسی طرحکا بقدر وسعت اپنے کے قصور رہنین کیا اب ناظرین اور طالبین سے امید ہے کہ وقت پڑھنے پڑھانیکے دعاء خیر سے یاد فرماوین اور سنہ ایکہزار دوسو انا سے ہجری مین یہہ رسالہ تالیف ہوا فقط

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ علے احسانہ کہ رسالہ تنویر الحق در مطبع مصطفائے دہلے قریب کوچہ رحمان بجوپیلے کلان باہتمام محمد حسین خان در سنہ ۱۲۹۴ ہجری طبع شد فقط